9. کھجور: چھوٹا دانہ، صحت کا خزانہ	حاتم مراد (بی۔اے)	57
10. محبت، دوستی اور مسکراہٹ	جلیل یار محمد (سیکنڈ ایئر)	61
11. ہاسٹل کی زندگی	عبداللہ اسد (سیکنڈ ایئر)	63
12. استاد کی عظمت	مصدق یعقوب (سیکنڈ ایئر)	65
13. حسن	عاقل بابا دشتی (ایف۔اے)	68
14. ہمارا فرسودہ نظام تعلیم	شمیم نزیر جوسکی (فرسٹ ایئر)	70
15. سوچنے کی بات	کلیم کامران (بی۔اے)	73
16. بوڑھے کی صدا	سلمان شاہ (بی۔اے)	75
شاعری:		77
1. غزل	عطا شاد	78
2. تم کہو تو۔۔؟	باقر علی شاکر (اسسٹنٹ پروفیسر اردو)	79
3. غزل	ندیم اکرم (اسسٹنٹ پروفیسر اسلامیات)	80
4. قطعات	ندیم اکرم (اسسٹنٹ پروفیسر اسلامیات)	81
5. بولان ہے وطن میرا	دانش داغ (لیکچرار بلوچی)	82
6. غزل	عارف اعظم (بی۔اے)	83

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

7. پتھر کی زبان	فہمیدہ ریاض (انتخاب: جہانزیب امان)	84
8. سرِ گنگزارِ ہوس	عطا دشاد	86
سہنرے موتی:		87
	وارث مہر، نوروز دین، منصور حیدر، عاقل بابا دشتی، جلیل یار، نصیر شوہاز	88
	عرفان احمد، حکیم حاکم دشتی، ملا فراز شہرکی،	تا
		94
معلوماتِ عامہ:		95
	شیر جان مراد علی، حمل خان، عاقل اجنبی شہرکی	96
		تا
		100

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

اداریہ: روشنی کا سفر

بلوچستان بھر کے تمام درسگاہوں میں روشنی کا یہ سفر جاری ہے علم کے متلاشی مسافر اس سے مستفید ہوتے رہے ہیں۔ اور جو بدنصیب ہوتے ہیں وہ اس سفر میں روشنی سے بھاگ جاتے ہیں اور اندھیری راہوں میں بھٹک کر در بدر کی ٹھوکریں کھاتے ہیں اور بڑے خوش نصیب ہوتے ہیں وہ طلبِ علم کے مسافر جو روشنی کے سفر میں مسافتیں طے کرتے ہوئے منزل مقصود کی طرف بڑھنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔

گورنمنٹ عطا شاد ڈگری کالج نے بے شمار طلبِ علم کے متلاشیوں کو ان کی منزل مقصود تک پہنچایا ہے کالج کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ یہاں سے فارغ ہونے والے طلباء کامیابیوں کے زینے پر چڑھتے ہوئے اہم عہدوں تک فائز رہے۔ اسی لئے ہر سال ڈھائی ہزار کے لگ بھگ طالبِ علم ادارے میں داخلہ لیتے ہیں اور روشنی کے اس سفر میں منزل مقصود تک جانے کی تگ و دو کرتے رہتے ہیں اس مشکل سفر میں کئی مدت گزر چکے ہیں کہ سہولت اور آسائشوں کی کمی ہے۔ کلاس رومز، لیبارٹری اور لائبریری روم کا فقدان ہے۔ ڈیسک فرنیچر نہ ہونے کے برابر ہیں۔ اساتذہ کی تعداد بڑھانے کے لئے اور بھی اسامی درکار ہیں۔ امتحانی ہال اور اساتذئے کرام کے لئے رہائشی کمرے نہیں ہیں۔ طلباء کی تعداد کے لحاظ سے بلوچستان کا یہ سب سے بڑا کالج توجہ کا مستحق ہے۔ ضلع کیچ سے منتخب ہونے والے نمائندے، امرائے شہر اور اربابِ حل وعقدان گھمبیر مسائل کے حل کی طرف اقدامات اٹھائے تو روشنی کے اس سفر میں آسودگی رہے گی۔

''کیچ میگزین'' کا بنیادی مقصد کالج کے طلباء کی تخلیقی صلاحیتوں کو نکھارنا ہے تا کہ وہ پڑھنے اور لکھنے کی طرف زیادہ توجہ دے سکیں ان کے اندر کا شاعر، ادیب، صحافی، افسانہ نگار، ڈرامہ نگار بیدار ہو۔ اپنے گرد و نواح میں پیش آنے والے حالات

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

وواقعات کو اچھے انداز میں خود لکھ سکیں تا کہ حقائق سے ہر کوئی باخبر ہو۔

کالج میں دورانِ تعلیم طلباء کے مسائل بھی ہوتے ہیں۔ ہاسٹل میں رہنے والے طلباء کے مسائل کچھ مختلف قسم کے ہوتے ہیں۔ کیونکہ انہیں تعلیمی سیشن کے دوران ایک گھر کی طرح رہنا ہے تو ان کے لئے کالج گھر کی طرح کی سہولیات انہیں میسر کرنے میں کوشاں ہے۔ دوسری قسم کے طلباء وہ ہوتے ہیں جو قرب و جوار میں اپنے گھروں میں رہتے ہیں۔ دیر سے کالج آتے ہیں۔ سواری کے مسائل ہوتے ہیں یا وہ خود وقتی طور پر تیار ہو کر آنے میں سستی دکھاتے ہیں۔ اور ان کے مسائل بھی حل طلب ہوتے ہیں جن کا کالج انتظامیہ کو بخوبی احساس ہے۔

''کیچ میگزین'' آپ کے ہاتھوں میں ہے بیشتر طلباء کی تخلیقات ہیں۔ طلباء کی ذہنی بلوغت کے معیار کے مطابق ہیں۔ میگزین کو معیاری بنانے کی بہت کوشش کی ہے لیکن ہمیں ایسے مواد کم ملے جو اشاعت کے قابل ہوں۔ جن طلباء کے مواد رہ گئے ہیں وہ آئندہ زیادہ محنت اور لگن کے ساتھ لکھیں۔ جو محنت اور لگن کے ساتھ کام کرتا ہے ان کی کوششیں ضرور بار آور ثابت ہوں گی۔ اسی لئے ہر طلباء کی کامیابی کے لئے دعا گو ہوں۔

باقر علی شاکر (اسسٹنٹ پروفیسر)

ایڈیٹر: شعبۂ اردو

گورنمنٹ ڈگری کالج تربت

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

نثر پارے

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

اردو ہے جس کا نام

تحریر: عبدالستار قاضی (اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ اردو)

کسی بھی قوم کی پہچان ان کی زبان ہے۔ پاکستانی قوم کی زبان اردو ہے یہ واحد زبان ہے جو برصغیر کے طول وعرض میں بولی جاتی ہے۔

پس منظر اور ارتقا: تاریخی حوالوں سے دیکھا جائے تو برصغیر میں مسلم خاندانوں نے حکومت کی۔ ان کی زبان فارسی تھی۔ یہاں کی قدیم زبان ہندی تھی پھر اس میں فارسی اور عربی الفاظ ملنے لگے۔ یورپی اقوام کی آمد ہوئی تو فرانسیسی اور پرتگالی الفاظ بھی اس میں شامل ہونے لگے۔ شاہ جہاں کے زمانے میں برج بھاشا اتنی بدل گئی۔ یہ ایک نئی زبان معلوم ہونے لگی اور ایک لشکری زبان کی شکل اختیار کی۔ لشکر کو ترکی میں ''اردو'' کہتے ہیں۔ اس طرح یہ زبان وجود میں آ گئی۔ اور یہ کئی زبانوں میں سے ایک نکھری ہوئی شکل میں ہمارے سامنے نمودار ہوئی ہے۔ عربی، فارسی، انگریزی، ترکی، فرانسیسی کے علاوہ علاقائی زبانوں میں پنجابی، سندھی، پشتو اور بلوچی کے پر لطف الفاظ نے مستند جگہ پائی ہے۔ اسی لئے اردو کو پاکستان کے ہر خطہ میں بسنے والے لوگ سمجھ سکتے ہیں۔ اردو وہ زبان ہے۔ جو ہر زبان کے لفظ کو اپنے اندر سمو لینے کی طاقت رکھتی ہے۔ اور اسی کا ایک حصہ بن جاتا ہے۔ پاکستان میں اردو زبان نے بہت ترقی کی ہے۔ ادیبوں اور شاعروں نے اپنی کاوشوں سے اسے بہت وسعت دی ہے۔ یہ نہ صرف رابطے کی زبان ہے۔ بلکہ وسیلہ تدریس بھی ہے۔ اردو ایک ایسی زبان بن گئی ہے۔ جو دنیا کی کسی بھی زبان کا مقابلہ کر سکتی ہے۔ مولانا صلاح الدین مرحوم نے زبان اردو کی تاریخ کا یوں مختصر جائزہ لیا ہے۔ ''اردو زبان پنجاب میں پیدا ہوئی۔ دہلی اور لکھنو میں پروان چڑھی اور رہیں بیاہی گئی۔ اب یہ بیوہ ہو کر پھر اپنے

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

میکے پاکستان میں آ گئی ہے۔ دیکھئے میکے والے اس کیا سلوک کرتے ہیں۔"

اردو بطور دفتری و عدالتی زبان: اردو زبان کو ملک میں دفتری اور عدالتی زبان کے طور پر اختیار کرنے کے لئے وزیراعظم شوکت عزیز کی قائم کردہ کمیٹی کے سفارشات کا جائزہ لیتے ہوئے اس امر سے اتفاق کیا تھا۔ کہ وفاقی وصوبائی سطح پر مقابلے کے امتحانوں میں شرکت کرنے والے امیدواروں کی سہولت کے لئے انہیں اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں امتحان دینے کی اجازت دی جائے۔ اس کے علاوہ عدالت میں انگریزی کی جگہ اردو کو سرکاری زبان کے طور پر استعمال کرنے کا اہتمام کیا جائے۔ نیز تمام ملکی تقریبات میں کاروائی اردو زبان میں کی جائے اسی طرح سینٹ اور قومی اسمبلی کی کاروائی بھی اردو میں ہو اور تعلیمی اداروں میں اردو انگریزی اور دیگر مقامی زبانوں کے فروغ کے لئے مساوی وقت اور وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ اور انگلش میڈیم تعلیمی اداروں میں بھی اردو مضمون کے طور پر پڑھایا جائے۔ یہ حقیقت کسی بھی صاحب فہم سے مخفی نہیں کہ اردو زبان پاکستان کے چاروں صوبوں کے ہر گوشے میں سمجھی اور بولی جانے کی وجہ سے رابطے کا ایک ایسا ذریعہ بن گئی ہے۔ کہ اسے ہر سطح پر رائج کرنے کے علاوہ اور کوئی چارہ کار نہیں کیونکہ یہی وہ واحد زبان ہے۔ جس سے عوام کو اپنے روزمرہ کے امور اور سرکاری دفتری معاملات کی با آسانی انجام دہی کا موقع مل سکتا ہے۔

بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے اپنی متعدد تقاریر میں اردو کو ملک کی قومی زبان قرار دینے پر زور دیا۔ لیکن بدقسمتی سے چونکہ اقتدار کے رنگ محل میں موثر اور مرکزی حیثیت نوکر شاہی کے ان کل پرزوں کو حاصل تھی۔ جو انگریزی تہذیب ہی کے پروردہ اور اسی کی آغوش میں پرورش پانے والے تھے۔ اس لئے انہوں نے برصغیر میں ایک آزاد اور خودمختار مسلم ریاست کے وجود میں آجانے کے باوجود اس

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

کے قومی ملی تقاضوں کو پورا کرنے کے لئے یہاں اردو زبان کی ترویج واشاعت کے لئے کوئی کوشش کرنے کی بجائے انگریزی زبان کو بے جا طور پر ہر جگہ مسلط کرنے کے لئے ایسے اقدامات کئے جس نہ صرف عوام کے لئے بے پناہ مشکلات پیدا ہوئیں بلکہ ملک کے مختلف علاقوں اور اکائیوں میں مقامی زبانیں بولنے والوں کے کچھ حلقوں میں انگریزی کے ساتھ ساتھ اردو زبان کے متعلق بھی مخالفانہ جذبات پیدا ہوئے۔

اردو زبان کا دامن بے حد وسیع ہے۔ اور اس میں دوسری زبانوں کے الفاظ کو اپنے اندر سمونے اور ان کی اصلاحات کے موزوں اور مناسب ترجمہ کی غیر معمولی صلاحیت موجود ہے۔ انگریزی زبان کو بوجوہ ہر شعبہ زندگی میں غیر ضروری طور پر رائج رکھنے کے حامی طبقے کی طرف سے یہ پروپیگنڈہ بھی کیا جاتا رہا ہے۔ کہ انگریزی زبان کے بعض الفاظ اور قانونی تکنیکی اصلاحات کا ترجمہ کرنا ایک دقت طلب کام ہے۔ اس تاثر سے بلاشبہ ایک حد تک صداقت موجود ہے۔ عدالتوں میں رائج انگلو سیکشن اور رومن قوانین کا پہلے ہی ترجمہ ہو چکا ہے۔ اور مشکل الفاظ اور اصلاحات کے حوالے سے مقتدرہ قومی زبان نے جس قدر وسیع اور جاندار کام کیا ہے۔ اس کی موجودگی میں انگریزی سے کسی نوع کی مرعوبیت کا کوئی جواز ہی موجودہ نہیں۔ اس تعلق میں چیرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن اور مقتدرہ قومی زبان کے سربراہ کی جانب سے اردو کمپیوٹر سافٹ ویئر کی تیاری کے سلسلے میں جو تفصیلات بیان کی گئی ہیں۔ وہ بھی بے حد حوصلہ افزاء ہیں۔ اور ان سے پتہ چلتا ہے کہ اردو زبان میں جدید سائنسی علوم کو اپنے دامن میں جگہ دینے اور ترقی کی دوڑ میں قوموں کی برابری کے ساتھ چلنے کی پوری اہلیت موجود ہے۔ اور اگر اپنی قومی زبان پر بھرپور اعتماد کرتے ہوئے آگے بڑھا جائے۔ تو اس حوالے سے کسی احساس کمتری کا شکار ہونے کی قطعی طور پر کوئی

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

ضرورت نہیں۔ دنیا کی تمام زندہ زبانوں میں دوسری زبانوں کے الفاظ اور اصلاحات کو اپنے اندر شامل کرنے کی گنجائش فطری طور پر پائی جاتی ہے۔ عربوں نے اور خاص طور پر اہل مصر نے جدید سائنسی اصلاحات اور الفاظ کو عربی زبان کے قالب میں ڈھالنے کے لئے جو قابل قدر کام کیا ہے۔ اس سے بڑی مدد لی جاسکتی ہے۔ کیونکہ عربی زبان کے روٹ ورڈز بڑی تعداد میں کسی نہ کسی شکل میں اردو زبان میں استعمال ہو رہے ہیں۔ اگر ہمسایہ ملک بھارت میں پنجابی زبان کی غیر معمولی تخلیقی صلاحیت کو اجاگر کرنے کے لئے نہایت جاندار کام ہوسکتا ہے۔ اسرائیل دو اڑھائی ہزار سال پہلے کی ایک مردہ زبان عبرانی کو زندہ کر کے اس میں کیمسٹری، فزیالوجی، زولوجی، ریاضی اور دوسرے علوم کی ڈاکٹریٹ تک کی اعلیٰ تعلیم دے سکتا ہے۔ تو اردو میں ایسا کیوں نہیں ہوسکتا؟ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ انگریزی زبان اس وقت صرف ایک عالمی زبان ہی کی حیثیت نہیں رکھتی بلکہ یہ جدید علوم وفنون کی زبان بھی بن گئی ہے۔ اس لئے اس میں مہارت حاصل کرنا بھی انتہائی ضروری ہے اور اس کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جانے چاہیں۔ لیکن اس کا فطری اور دانش مندانہ طریق کار یہ ہے کہ جو طلبا انگریزی زبان میں تخصیص یا کسی ایسے شعبے میں سپیلائزیشن کرنا چاہتے ہیں۔ جس کے لئے انگریزی زبان پر دسترس ضروری ہے۔ تو انہیں اس کے لئے ہر قسم کی سہولت مہیا کی جانی چاہیے لیکن اس کے ساتھ ساتھ دوسری زبانوں کے علمی خزانوں کو اردو اور دیگر علاقائی زبانوں میں منتقل کرنے کا عمل بھی پوری قوت سے جاری رہنا چاہیے۔ کیونکہ اسے ترک کرنے کا مطلب عالمی ترقی کی دوڑ میں پیچھے رہ جانے کے سوا کچھ نہیں۔

.....☆☆☆.....

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

مہنگائی اور معاشی بے چینی

الٰہی بخش بلوچ (اسسٹنٹ پروفیسر معاشیات)

جب کسی ملک میں اشیاء وخدمات کی قیمتوں (یعنی قیمتوں کے عام معیار) میں مسلسل اضافہ کا رجحان ہو تو معشیت کی ایسی کیفیت کو افراط زر (Inflation) کا نام دیا جاتا ہے۔ گویا قیمتوں میں مسلسل اضافہ افراط زر کا اظہار واشارہ ہے۔

اس وقت پاکستان مجموعی طور پر مختلف قسم کے مسائل ومصائب کی لپیٹ میں ہے۔ ہر مسئلہ اپنی نوعیت کے اعتبار سے ایک دوسرے سے زیادہ اہم اور شدید تر ہے۔ چونکہ مسائل سیاسی، معاشرتی، مذہبی فرقہ واریت اور معاشی واقتصادی نوعیت کے ہیں۔ یہ آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ مربوط ومنسلک ہونے کے باعث ان کے اثرات ونتائج نے ایک دوسرے کو متاثر کر کے ایک منحوس چکر قائم کر دیا ہے۔ موجودہ صورت حال میں آثار سے یہ پتہ چلتا ہے کہ اس منحوس چکر سے نکلنا اگر چہ ناممکن نہیں لیکن مشکل ضرور ہے۔ کیونکہ مسائل کے گرداب سے نکالنے کیلئے تدابیر اختیار کر کے خلوص نیت سے کمر بستہ کوئی مرد مجاہد دکھائی نہیں دے رہا ہے۔ اگر چہ ایک عام شہری کو سیاسی مسائل، این۔آر۔او، سپریم کورٹ و پارلیمنٹ کا تصادم صدر و وزیر اعظم کے اختلافات، امریکہ سے قرضوں کی منظوری یا فرنڈز آف پاکستان سے امداد کی منظوری میں ناکامی وغیرہ سے کوئی دلچسپی نہیں ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ تمام باتیں حکمرانوں سے زیادہ عام شہریوں، مزدور و کارکنوں، چھوٹے تنخواہ دار سرکاری وغیر سرکاری ملازموں کو بے حد متاثر کرتی ہیں۔ کیونکہ یہ کیفیات پاکستان میں سیاسی عدم استحکام اور غیر یقینی کی صورت حال کی عکاسی کرتے ہیں۔ سیاسی عدم استحکام اور غیر یقینی صورت حال ابتداء سے لے کر تا حال نہ صرف موجود ہے بلکہ بتدریج شدت اختیار کرتا جا رہا ہے۔ جس سے عوام میں اضطراب و بے چینی کی کیفیت میں

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

مزید اضافہ ہوا ہے۔قومی وسائل اور دولت وآمدنی کی غیر مساویانہ وغیر منصفانہ تقسیم کے باعث ارتکاز دولت، امیر وغریب میں فرق اور سیاست وحکومت پر ایک مخصوص ٹولہ کا غلبہ و قبضہ (ماسوائے شکلوں کی تبدیلی) یہاں کوئی نئی اور قابل ذکر مسئلہ یا بات نہیں ہے کہ اس پر مزید قلم کشی کی جائے۔ بلکہ موجودہ وقت میں عام لوگوں کیلئے قابل غور اور حل طلب مسائل مہنگائی اور بے روزگاری ہیں جو گزشتہ 63 سالوں سے حکمرانوں کی طرف سے عام لوگوں کو تحفہ کی صورت میں نوازا گیا ہے۔جس کے باعث عوام کی زندگی اجتماعی طور پر مفلوج ہو کر رہ گئی ہے۔ بے روزگاری، گرانی اور مہنگائی سے نہ صرف معاشی زندگی پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں بلکہ ان کے اثرات سے زندگی کے دیگر کئی پہلو بھی بے حد اثر پذیر ہوتے ہیں۔مثلاً جب اشیاء وخدمات کی قیمتوں میں اضافہ کا رجحان شدت اختیار کر لے تو لوگوں کی قوت خرید گھٹ جاتی ہے۔جس کے باعث لوگ اپنی ضروریات زندگی پوری کرنے سے قاصر ہو جاتے ہیں۔ نتیجتاً لوگ مزید وسائل کے حصول کیلئے اپنی بساط کے مطابق مختلف ناجائز ذرائع کا استعمال کرنے لگتے ہیں یوں معاشرے میں کئی قسم کی برائیاں مثلاً کرپشن، بدعنوانی، بددیانتی، منافع خوری، ذخیرہ اندوزی، سمگلنگ، چوری وڈکیتی، قتل وغارت گری، منشیات فروشی ومنشیات کا استعمال سے ذہنی ونفسیاتی الجھنیں پیدا ہوتی ہیں۔

اس وقت پاکستان میں یہ تمام کیفیات شدت سے موجود ہیں۔ ماہرین کے مطابق یہ تمام باتیں معاشی بے چینی کے باعث وقوع پزیر ہوئی ہیں۔معاشی بے چینوں میں عام لوگوں کیلئے سرفہرست مہنگائی وافراط زر ہے۔اگرچہ معاشی لحاظ سے یا معاشیات کے اصولوں کے مطابق جن عوامل کے باعث افراط زر ومہنگائی کا رجحان پیدا ہوتا ہے۔ فوری طور پر اس پر قابو پانا حکومت کیلئے ممکن نہیں ہے۔ بلکہ افراط زر کے تدارک وروک تھام یا علاج کیلئے ماہرین معاشیات نے جو تدابیر وطریقے وضع کئے ہیں حکومت کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ ان طریقوں کو حسب حالات استعمال میں لا کر افراط زر پر قابو پایا جائے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

پاکستان میں افراط زر و مہنگائی کی اہم وجوہات میں اشیاء و خدمات کی پیداوار و رسد کے مقابلے میں طلب و مانگ میں اضافہ اور اشیاء کی پیداواری مصارف و لاگت (یعنی پیداواری اخراجات) میں اضافہ جو قیمتوں میں بڑھنے کا سبب ہوتا ہے شامل ہیں۔ اشیاء و خدمات کی پیداوار و رسد میں کمی کا سبب سرمایہ کی قلت، خام مال کی قلت، قوتی ذرائع مثلاً بجلی، گیس، تیل وغیرہ کی حسب ضرورت عدم دستیابی۔ دہشت گردی اور امن و امان کا مسئلہ، ناقص منصوبہ بندی، سیاسی بے چینی و عدم استحکام، ٹیکنالوجی کی قلت و پست معیار، زرعی مشینری، آلات، اعلیٰ بیج، ادویات، کھاد وغیرہ کی قلت شامل ہیں۔ جبکہ طلب میں اضافہ کے اہم اسباب میں آبادی کا شرح اضافہ، جس کی وجہ سے مجموعی طلب میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ حکومت کے غیر ترقیاتی اخراجات میں اضافہ۔ قومی دولت و وسائل لوٹ کھسوٹ و بے دریغ استعمال۔ کرنسی کی مقدار کا ملک میں دستیاب اشیاء کے مقابلے میں اضافہ آئی۔ ایم۔ ایف عالمی بنک و دیگر قرض دینے والے اداروں کی جانب سے دباؤ کے باعث روپے کی قدر کا ڈالر و دیگر کرنسیوں کے مقابلے میں کمی وغیرہ شامل ہیں۔

اب جب یہ تمام وجوہات معلوم ہوئے ہیں کہ افراط زر کیوں ہے۔ اور ساتھ ہی ان کے تدارک و علاج کیلئے تدابیر معلوم ہیں۔ لیکن روک تھام و تدارک کے بجائے حکومتی مشینری کی جانب سے ایسے انداز و طریقے اختیار کیئے جا رہے ہیں کہ اس میں مزید شدت اختیار ہو رہی ہے۔ مثلاً اگر حکومت کے پاس وسائل کم ہیں۔ یا حکومت محسوس کرتی ہے کہ اس کے غیر ترقیاتی اخراجات صدر، وزیر اعظم، وزیر اعلیٰ، گورنر، وزراء، ایم این ایز، سینیٹرز، ایم پی ایز، دیگر اعلیٰ سرکاری اہل کاروں اور مشیروں کے ملکی و غیر ملکی دوروں سے بڑھ رہے ہیں تو حکومت ایسے اخراجات کو کیوں نہیں گھٹاتی ہے؟ اس کی ایک زندہ مثال گزشتہ مہینے میں وزیر اعظم کا وفاقی کابینہ و صوبوں کے وزراء اعلیٰ صوبائی وزراء و دیگر اعلیٰ سرکاری اہل کاروں کے ساتھ گوادر میں شاہانہ انداز کا اجلاس ہے۔ جس پر 50 کروڑ روپے سے زائد خرچ ہوا ہے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

تو کیا ایسے اخراجات مالی وسائل میں مزید کمی اور غیر ترقیاتی اخراجات میں اضافہ اور ضائع ہونے کے مترادف نہیں ہیں؟ اسی طرح حکومت مالی وسائل میں اضافہ کرنے کیلئے عام لوگوں کو مختلف ناموں سے ٹیکسوں کے بوجھ تلے رکھنا۔ مختلف ضروری اشیاء پر دی جانے والی سبسیڈیز کو ختم کرنا۔ اور حکومت کو جو اضافی آمدنی حاصل ہوتی ہے اسے مناسب مقاصد کیلئے استعمال میں لانے کی بجائے کرپشن ولوٹ کھسوٹ کی نذر کر دیا جاتا ہے۔

یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے کہ اعلیٰ حکام وتقریباً تمام ادارے اپنے طور پر حالات کو سدھارنے کی بجائے۔ بگاڑنے میں اپنا کردار بخوبی ادا کر رہے ہیں۔ اس لئے حکومت کی انتظامی مشینری کی جانب سے ایسا کوئی اقدام اٹھایا نہیں جا رہا کہ فروخت کاروں کی جانب سے قیمتوں میں اضافہ کی من مانی ومنافع خوری کو روکا جائے۔ چونکہ منافع خور تاجر وفروخت کار قانون کی گرفت سے آزاد ہیں اس لئے ملک میں جاری افراط زر سے کئی گنا اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ کیا جاتا ہے۔ حالانکہ ہر تحصیل و مقامی سطح پر انتظامی مشینری کو اختیار ہے کہ وہ ضروری اشیاء کی باقاعدہ قیمتوں کی لسٹ آویزاں کریں اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت ترین قانونی کاروائی کریں۔ لیکن ایسا نہیں ہوا ہے اور نہ آئندہ اس کی توقع کی جاسکتی ہے۔

قیمتوں میں اضافہ وافراط زر کا مسئلہ پورے پاکستان کا ہے اس نے تمام شہروں اور آبادی کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے۔ لیکن بلوچستان میں مہنگائی نے دیگر تمام صوبوں کے ریکارڈ توڑ دیئے ہیں کیونکہ یہاں پر کاروبار غیر مقامی افراد کے ہاتھوں میں ہیں اس لئے کسی بھی بات کا لحاظ کیئے بغیر اپنی من مانی سے قیمتیں مقرر کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ اگر ضلع کیچ میں اشیاء کی قیمتوں کا موازنہ بلوچستان کے دیگر ضلعوں سے کیا جائے تو بات انتہا تک پہنچ جاتی ہے۔ جہاں ہر کوئی قیمتوں کا تعین خود کرتا رہتا ہے عوام کی قوتِ خرید جواب دے رہی ہے۔

.....☆☆☆.....

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

''محبت مجھے ان جوانوں سے ہے''

تحریر: گلاب احمد بلوچ (لیکچرار اردو)

''نوجوان'' ایک خوبصورت لفظ ہے جس میں ہزار حسن کے رنگ پائے جاتے ہیں۔ لیکن یہ اس وقت سب سے حسین رنگ میں نظر آتا ہے جب وہ علم کے زیور سے آراستہ کردار کے میدان میں مثالی، تحقیق و جستجو کا مسافر، خوددار اور عمل کا پیکر ہو۔ ایسے نوجوان تعلیمی اداروں کی خوبصورتی، معاشرے کے رونق، اساتذہ کا فخر، والدین کی آنکھ کا تارا اور ملک و قوم کے روشن مستقبل ہوتے ہیں کون نہیں چاہتا کہ میں ان نوجوانوں میں شامل ہوں؟ کس کی آرزو نہیں ہوتی کہ اس فہرست میں میرا نام بھی ہو۔ کسے یہ خواہش نہیں ہوتی کہ وہ بھی ایسے صفات کا مالک ہو۔

لیکن یہ تمنائیں پوری نہیں ہوتیں۔ یہ خواب اکثر سچ ثابت نہیں ہوتے۔ امیدوں کی یہ کشتی بیچ سمندر میں ڈوب جاتی ہے اور نوجوان منزل مقصود تک نہیں پہنچ پاتے۔ حالانکہ نوجوانی تبدیلی کا دوسرا نام ہے۔ نوجوان اپنے زور بازو سے ہواؤں کا رخ بھی تبدیل کرنے کی سکت رکھتے ہیں۔ وہ ہر وقت متحرک ہوتے ہیں وہ کبھی چین سے نہیں بیٹھتے کیونکہ ان کو خوب معلوم ہے۔

جھپٹ کر پلٹنا، پلٹ کر جھپٹنا
لہو گرم رکھنے کا ہے اک بہانہ

ان کو پتہ ہے ''جس میں نہ ہو انقلاب موت ہے وہ زندگی'' لیکن پھر بھی وہ جیتے جی اس موت کو گلے لگاتا ہے وہ ناکام و نامراد ہوتا ہے کیا یہ سچ نہیں ہے؟ اگر ہے تو کبھی آپ نے غور کیا کہ ایسا کیوں ہوتا ہے؟ کہتے ہیں کہ ایک بوڑھا شخص بستر مرگ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

پر لیٹے حسرت و یاس کے ساتھ اپنی ماضی کو یاد کر کے رو رہا تھا کہ ایک ایسا وقت تھا میں سوچتا تھا کہ پوری دنیا کو بدل دوں گا۔ کچھ عرصے بعد یہ سوچنے لگا کہ دنیا بڑی ہے میں اپنے ملک کی قسمت بدل دوں گا۔ ایسا نہ کر سکا تو صوبہ کو بدلنے کی بات کی اور آخر میں اپنے معاشرے کو تبدیل کرنے کی ٹھان لی۔ افسوس میں کچھ نہ کر سکا اور آج وہی یادیں مجھے اذیت دے رہی ہیں لیکن آج مجھے معلوم ہوا کہ میں کیوں ایسا نہ کر پایا؟ میری آرزوئیں کیوں پوری نہ ہوئیں۔ میں کیوں اپنے مقاصد میں ناکام رہا۔ اس کی وجہ صرف اور صرف ایک تھی .....جی ہاں صرف ایک..... میں خود اپنے آپ کو بدل نہ سکا۔

اس بات کو شاعر مشرق علامہ اقبال نے کس خوبصورتی کے ساتھ بیان کیا۔

تعمیر خودی کر اثرِ آہِ رسا دیکھ

ہم ہر وقت تبدیلی اور انقلاب کی بات کرتے ہیں لیکن اس چھ (6) فٹ کے جسم کو تبدیل نہیں کر سکتے۔ ہم ہر وقت قربانی کی بات کرتے ہیں لیکن اپنے نفس کو قابو نہیں کر سکتے ہم معاشرے کے ظالم اور سفاک لوگوں سے آزادی چاہتے ہیں لیکن خوابوں کی غلامی سے جان نہیں چھڑا سکتے لیکن اس وقت ممکن ہے کہ جب تم اس شعر کے مانند ہو۔

تری خودی میں اگر انقلاب ہو پیدا

عجب نہیں ہے کہ یہ چار سو بدل جائے

آج مجھے خوشی ہو رہی ہے کہ ڈگری کالج کے نوجوان بھی تبدیلی کے خواہشمند ہیں ان میں کتابوں سے محبت، تحصیل علم کا شوق تحقیق و جستجو کی لگن اور مقابلے کے ہر میدان میں تیار نظر آتے ہیں۔ انھوں نے ہر جگہ اپنا لوہا منوایا ہے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

اس کا مشاہدہ میں نے خود اپنی کلاس میں کیا ہے۔ میں ایسے کئی طلبہ کو جانتا ہوں جو چیزوں کو تنقیدی انداز میں دیکھنا جانتے ہیں۔ میں ایسے طالب علموں سے واقف ہوں جو مختلف موضوع اور مسائل پر علمی اور فکری بحث کرتے ہیں۔ میں اس بات کا خود گواہ ہوں ان کی دلائل کے ساتھ گفتگو اور اپنی بات کہنے کا ڈھنگ ہے۔ میں نے خود مختلف موضوعات پر خوبصورت نظمیں دیکھی ہیں جو ان کی تخلیق ہیں۔ میں نے کئی طالب علموں کو دیکھا ہے۔ جو افسانہ پڑھنے کے بعد وہ خود چھوٹے افسانہ نگار بن گئے ہیں۔ ان کے انشائیہ کو دیکھ کر یقین نہیں آتا کہ یہ ان کے شاہکار ہیں۔ اس کے باوجود ان نوجوانوں کو بہت کچھ کرنا ہے کیونکہ یہ ان کی منزل نہیں بلکہ نشانِ منزل ہے۔

محبت مجھے ان جوانوں سے ہے
ستاروں پہ جو ڈالتے ہیں کمند

میں کیچ میگزین کے توسط سے اپنے نوجوان بھائیوں سے یہ گزارش کرتا ہوں کہ وقت کی پابندی کریں۔ تحقیق کریں، تخلیقی ذہن پیدا کریں۔ آپ کی اپنی چھوٹی سی لائبریری ہو۔ اپنے رب سے تعلق جوڑیں، کائنات کی سب سے زیادہ مستند کتاب ''قرآن پاک'' کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ تاکہ مقصد زندگی کو پا سکیں۔ مجھے یقین ہے

ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی

☆☆☆

شکستہ شاخ ہو تم بارشوں کو دو نہ صدا
نشیب اب کے غضب کا بہاؤ رکھتا ہے
یہ حادثہ ہے کہ موسم نے کر دیئے یک جا
وگرنہ خار سے گل کیا لگاؤ رکھتا ہے

عطا شاد

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

اخلاقیات

تحریر: حافظ عبدالباقی (لیکچرار اسلامیات)

اسلام کی نظر میں:

اخلاق ایک ایسا وسیع مفہوم رکھتا ہے جو عقل و مذہب دونوں کی نگاہ میں محمود و قابل اعتبار شے ہے اس لئے قدیم و جدید غرض یہ ہے کہ ہر زمانے میں اس سے متعلق و افر ذخیرہ کی کمی کبھی محسوس نہیں کی گئی لفظ اخلاق خلق سے نکلا ہے جو عادات و اطوار کے معنی میں بھی مستعمل ہے انسانی تاریخ میں اخلاق کا لفظ سب سے پہلے مذہب سے سنا گیا ہے حضرت نوحؑ کے بارے میں آتا ہے کہ وہ اپنی قوم کو اخلاقیات کا درس دیتے تھے اس کے بعد یونانی ادوار شروع ہوتے ہیں جنہوں نے اس بارے میں انتھک محنت اور کوشش کی یونان میں اس کی خدمت کا سہرا سوفسطائیوں کے سر باندھا جاتا ہے ان کے بعد سقراط نے اس کے مباحث کو وسعت دیکر اسے کمال انتہا تک پہنچایا اور اس میں چار چاند لگا دیئے ارسطو سقراط سے ایک قدم آگے نکل آیا اور اس موضوع پر ایک کتاب، علم الاخلاق، لکھ ماری اس کے بعد اسلام زرین دور آیا جس میں اخلاق کے تمام پہلوؤں پر کماحقہ بحث کی گئی کیونکہ اسلام مکارم اخلاق اور محاسن افعال کے مجموعے کا نام ہے صاحب خلق عظیم سرور دو عالم محمد رسول اللہؐ اخلاق عالیہ سے متصف تھے اور قرآن مجید تو آپؐ کے اس وصف خاص طور پر بیان فرماتے ہیں وانک لعلی خلق عظیم (سورۃ قلم پارہ نمبر ۲۹) اور بے شک آپؐ اخلاق کے اعلیٰ مرتبہ پر فائز ہیں۔

حدیث کی مشہور کتاب مسلم شریف عائشہ سے مروی ہے کہ ان سے آپؐ کے اخلاق حسنہ کے بارے میں دریافت کیا گیا تو انھوں نے جواب دیا ''کان خلقه القرآن'' (مسلم شریف) یعنی قرآن مجید میں جن اعلیٰ اخلاق کی تعلیم دی گئی ہے آپؐ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

ان تمام اخلاق کا مجموعہ ہیں خود آپ ؐ کا ارشا گرامی حدیث کی کتابوں میں موجود ہے کہ'' **بعث لا تمم مکارم الاخلاق** '' کہ میں اس لئے بھیجا گیا ہوں تا کہ اچھے اخلاق کو پایہ تکمیل تک پہنچادوں اور حدیث شریف میں موجود ہے کہ'' **ان اللہ بعثنی لیتمم مکارم الاخلاق و محاسن الافعال** (مشکوۃ) کہ بلاشبہ اللہ نے مجھے اس لئے بھیجا ہے کہ میں برگزیدہ اخلاق اور اچھے افعال کی تکمیل کروں آپ نے اپنی تیرہ13 سالہ مکی اور دس10 سالہ مدنی زندگی میں جن اعلیٰ اخلاق کی تعلیم دی اور انفرادی واجتماعی زندگی کے جو اصول وضوابط بتلائے دنیا کے تمام مذاہب مل کر اس کا عشر عشیر بھی نہیں لا سکتے۔

لفظ اخلاق چونکہ ایک جامع معنی رکھتا ہے اس لئے اس میں اللہ تعالیٰ کے مخلوق کے حقوق کی ادائیگی، بچوں اور کمزوروں پر شفقت، بڑوں اور اساتذہ کا ادب و احترام، اپنے ہاتھ اور زبان سے دوسروں کو ایذا اور تکالیف سے محفوظ رکھنا، دھوکہ دہی اور خیانت سے اجتناب و پرہیز، سچ کے دامن کو ہمیشہ تھامے رکھنا، جھوٹ سے حد درجہ بچنا، بد زبانی، گالم گلوچ سے کنارہ کشی، حسد، کینہ بغض و عداوت اور دیگر روحانی بیماریوں کو دل میں جگہ نہ دینا اور سب کے ساتھ یکساں سلوک حسنِ اخلاق کی وہ سیڑھیاں ہیں جن کے بارے میں قرآن وحدیث ہمیں بار بار تاکید کرتا ہے۔ اور جن پر عمل ہوتے کی صورت میں اللہ تعالیٰ کے ہاں اجر عظیم کا وعدہ ہے۔

حسن اخلاق کی فضلیت:

حسن اخلاق کی فضلیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ ابوداؤد میں حضرت عائشہؓ صدیقہؓ سے مروی ہے کہ آپ ؐ نے فرمایا کہ بے شک مومن اپنے حسن اخلاق اور اچھے کردار کی وجہ سے وہ فضیلت اور درجہ پالیتا ہے جو درجہ راتوں کو کھڑا ہو کر نماز پڑھنے اور دن کو روزہ رکھنے والوں کے لئے ہیں گویا کہ اخلاق ہی وہ ہتھیار ہے

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

جس کے ذریعے انسان عابدوں کی فہرست میں جگہ پالیتا ہے۔اور ترمذی شریف کی روایت میں تو یہاں تک کہا گیا ہے کہ بروز قیامت میزان میں جو اعمال رکھے جائینگے ان میں سب سے زیادہ بھاری اچھے اخلاق ہونگے۔

ایک شخص کے بارے میں آتا کہ انھوں نے آپؐ سے عرض کیا کہ سب سے بہتر چیز کونسی ہے جو انسان کو عطا کی گئی ہے تو آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ حسن اخلاق سے بہتر کوئی چیز نہیں یہی وجہ ہے کہ آپ عموماً ہر نماز کے بعد مندرجہ ذیل دعا کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے اپنے اخلاق کے بلندی کی دعا مانگا کرتے تھے اللھم حسنت خلقی فاحسن خلقی (بخاری و مسلم) کہ اے اللہ آپ نے مجھے صورت تو اچھی دی ہے مجھے اچھی سیرت اور کردار کا مالک بنایئے۔

حسن اخلاق میں چونکہ مخلوق خدا کے ساتھ حسن سلوک، نرم روّیہ، محبت والفت اور دیگر اچھائیاں شامل ہیں اس لئے آپؐ کی ذات گرامی اس معاملے میں عظیم شاہکار تھی اور آپؐ پوری امت کے لئے ایک آئیڈیل کی حیثیت رکھتے تھے خود اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کی ان صفات کا ذکر قرآن مجید میں جا بجا فرماتے ہیں سورۃ آل عمران میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے فبما رحمة من الله لنت لهم و لو كنت فظا غليظ القب لا انفضو من حولک کہ اللہ تعالیٰ کی مہربانی اور رحمت ہے کہ آپ کے نرم دل ہونے کی وجہ سے آپ کو نرم دل ساتھی مل گئے اگر آپ تند خو اور درشت مزاج ہوتے تو صحابہ کرامؓ آپ کے پاس منتشر ہو جاتے اس آیت سے معلوم ہوا کہ نرم مزاجی اور نرم دلی محبت والفت پیدا کرنے والی ہے اور سخت مزاجی و درشت روئی نفرت اور عداوت پھیلانے کا سبب ہے۔

اس طرح یہ بھی اعلیٰ اخلاق کی نشانی ہے کہ مومن میں تواضع عاجزی اور انکساری رہے لیکن یہ خیال رکھنا ضروری ہوگا کہ عاجزی وتواضع انسان کو ریا تکبر اور

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

نخوت میں مبتلا نہ کرے حدیث شریف میں ہے کہ من تواضع رفعہ اللہ ومن تکبر وضعہ اللہ کہ جو تواضع و عاجزی اختیار کرے گا تو اللہ تعالیٰ مخلوق کے سامنے اس کو رفعت و بلندی وعطا فرمائے گا اور لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت جاگزین فرمائیں گے لیکن جو تکبر جیسے موذی اور روحانی بیماری میں مبتلا ہوگا اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو پست اور ذلیل کریں گے اور لوگوں کے دلوں میں اس کی وقعت اور حیثیت ختم ہو جائیگی تو ان تمام آیات کریمہ اور احادیث شریفہ سے معلوم ہوا کہ حسن اخلاق ہی انسان کو اعلیٰ مرتبے پر فائز رکھنے کا سبب بنتی ہے اور حسن اخلاق سے پہلو تہی انسان کی تباہی اور گمراہی کا سبب بن سکتی ہے۔

حسن اخلاق کی اہمیت:

اخلاق ہی وہ گلدان ہے جس کے ذریعے سے انسان کو ناپا اور تولا جا سکتا ہے بد اخلاق انسان معاشرے میں ناسور کی حیثیت رکھتا ہے اور اس کے اخلاق کی درستگی معاشرے کے ذمہ دار افراد پر لازم ہے تا کہ وہ معاشرے میں بدنامی کا سبب نہ بن سکے آپؐ نے اپنی تیس سالہ نبوی زندگی میں سب سے زیادہ زور حسن اخلاق پر دیا اور وفات کے وقت صحابہ کرام کی ایک ایسی جماعت تیار فرمائی جو زندگی کے تمام معاملات میں کامل تھے اور غیر مسلم ان کے حسن اخلاق سے متاثر ہوتے ہوئے حلقہ بگوش اسلام ہو جاتے تھے۔

تاریخ اسلامی کے مطالعہ سے یہ بات روز روشن کی طرح واضح ہو جاتی ہے کہ طائف کے میدان میں آپ پر چند اوباش قسم کے نوجوانوں کی جانب سے پتھروں کی بارش ہوتی ہے بعض سر پھرے آپؐ پر آوازیں کستے ہیں اور گالیاں دینے تک دریغ نہیں کرتے ان حالات میں آپ کا جسم مبارک لہولہان ہو جاتا ہے جوتے مبارک خون سے تر بتر ہو جاتے ہیں لیکن اخلاق کا دامن ہاتھ سے چھوٹنے نہیں دیتے اور

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

زبان مبارک پر اس نادان قوم کیلئے دعائیہ کلمات ان لفظوں سے جاری ہوتے ہیں کہ" اللھم اھد قومی فالنھم لا یعلمون "کہ یااللہ میری قوم کو ہدایت نصیب فرمادیجئے کیونکہ میری قوم بے خبر ہے۔

حسن اخلاق کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ آپؐ نے اپنے دورِ پیغمبری میں سب سے زیادہ اعمال کی درستگی، نیک افعال، منہیات سے اجتناب امرابالمعرف اور حسن سلوک پر زور دیا۔ صحابہ کرامؓ کا پوری رات اللہ کے حضور کھڑے رہنا غلاموں اور لونڈیوں کے ساتھ حسن سلوک، بیواؤں یتیموں اور غریبوں پر شفقت و مہربانی بڑوں، بوڑھوں اور عمر رسیدہ افراد کا ادب واحترام آپؐ کے حسن اخلاق کا ہی پر تو تھی۔ یہی وجہ ہے کہ وہ لوگ جو ایک دوسرے کے خون کے پیاسے تھے معمولی معمولی باتوں پر نصف صدی لڑنے جھگڑنے میں گزر جاتی تھی جو ایک دوسرے سے نظریں ملانے کے روادار بھی نہیں تھے۔ لیکن آپؐ کی صحبت میں بیٹھنے سے ان کی دل کی دنیا بدل گئی اور مدینہ جب اسلامی اسٹیٹ بن گیا تو آپؐ نے وہ کارنامہ انجام دیا کہ تاریخ اس کی نظیر پیش کرنے سے قاصر ہے آپ نے انصار مدینہ اور مہاجرین مکہ میں مواخات (آپس میں بھائی چارگی) کا رشتہ قائم کیا پھر پوری دنیا نے دیکھا کہ بکرے کی سری سات گھروں کا چکر کاٹنے کے بعد پھر واپس اسی گھر میں آگئی۔ یہی وجہ ہے کہ شاعر دلکے ہاتھوں مجبور ہوکر کہتا ہے۔

خود نہ تھے جو راہ پر اوروں کے ہادی بن گئے
کیا نظر تھی جس نے مردوں کو مسیحا کر دیا

غرض یہ ہے کہ آپؐ ہی وہ عظیم ہستی ہیں جن کے نقش قدم پر چل کر انسانی زندگی سنور سکتی ہے اور جن کے اخلاق عالیہ وصفات کمالیہ اس قابل ہیں کہ انھیں اپنا کر منجدھار میں موجود ڈوبتی کشتی کو بچایا جاسکتا ہے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

جامع اخلاق:

یوں تو اخلاق اور بداخلاقی کی جزئیات بہت ہیں جن سے ضخیم جلدیں تک لکھی جا سکتی ہیں مگر غور و فکر کے بعد ان تمام جزئیات کو چند اصولوں میں منطبق کیا جا سکتا ہے گو یا کہ اخلاق کی اساس و بنیاد کو ہم صرف تین چیزوں میں منحصر کریں گے۔

۱۔ یہ کہ ہر کام کو افاط و تفریط (کمی و زیادتی) سے محفوظ، برمحل اور اس کی حیثیت کے مناسب کی جائے کیونکہ بہتر سے بہتر کام اگر اپنے موقع محل سے تجاوز کر جائے یا اس میں سرمو انحراف آ جائے تو وہ اخلاق نہیں بلکہ بداخلاقی کہلائے گا۔ مثلاً حیا ایک محبوب خلق ہے لیکن محارم کی بے عزتی اور ان سے ہتک آمیز سلوک کے وقت بھی اگر کسی میں قوت مدافعت کا جذبہ موجزن نہ ہو بلکہ اس کو شرم دامن گیر ہو تو وہ حیا نہیں بلکہ ''دنائت'' رزالت اور بے شرمی کی بات ہے پس معلوم ہوا کہ جس کام کو اپنے موقع محل حدود کیاندر رہتے ہوئے صحیح حیثیت میں کرنا ''عدل'' کہلاتا ہے جو اخلاق کے جزئیات میں سے ایک اہم جز ہے۔

۲۔ یہ ہے کہ اجتماعی زندگی کا کوئی بھی شعبہ مفید نہیں ہو سکتا جب تک معاشرے کے افراد میں ایک دوسرے کیلئے ایثار و قربانی کا جذبہ موجود نہ ہو بلکہ قومی ترقی اور اجتماعی حیات کا بقا اسی ایک جذبے کے صحیح استعمال میں مضمر ہے گویا کہ خالق و مخلوق کے درمیان حقوق و فرائض کی معرفت اجتماعی زندگی کے اصل الاصول ہیں جو'' احسان'' کے زمرے میں آتے ہیں۔

۳۔ یہ ہے کہ عدل و احسان اس وقت تک بے وقعت و بے حیثیت رہیں گے جب تک انسان میں ایک دوسرے کیلئے ہمدردی کا جذبہ پیدا نہ ہوا اور دوسروں پر خرچ کی اس کو معرفت حاصل نہ ہوا ان تینوں چیزوں کو قرآن مجید میں " امر بالعدل

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

والاحسان وایتاء ذی القربی" سے تعبیر کیا گیا ہے۔اسی طرح بداخلاقی کو بھی ہم تین حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔

(۱) یہ ہے کہ شریعت کے پھندے کو گلے سے اتار کر آزاد زندگی گزارنے کے چکروں میں پڑا جائے اور ظلم کو اپنی زندگی کا جزو لانیفک بنایا جائے یہی وہ مقام ہے جس کا آخری درجہ فحشاء یعنی مادر پدر آزادی ہے۔

(۲) یہ ہے کہ اپنے اور خدائے درمیان اور قوم وملت کے افراد کے درمیان جذبہ حقوق شناسی اور جذبہ ایثار وقربانی کو فنا کر دیا جائے اور پھر بے فکری سے تمام خود غرضیوں اور خرامات کو اپنا مسکن وٹھکانہ بنایا جائے اسی کو قرآنی بول چال میں ''منکر'' تعبیر کیا جاتا ہے۔

(۳) یہ ہے کہ جب اوپر کے مذکورہ دونوں اقسام یعنی جور وظلم، فواحش ومنکرات راہنما بن جائیں تو ظاہر ہے کہ نظم وانتظام کی زندگی میں رخنہ پڑے گا اور انسان بغاوت اور سرکشی پر آمادہ ہو جائے گا اور معاشرہ میں انارکی پھیلے گی تو ایسی صورت میں ان افعال خبیثہ کے عاملین کی نظر میں تمام ''اخلاق'' بداخلاقیاں اور تمام بداخلاقیاں اخلاق بن کر رہ جائیں گی۔

اسلئے ہم میں سے ہر ایک کیلئے یہ ضروری ہے کہ وہ سورۃ نحل کی مذکورہ آیت کو اپنی دینی ودینوی حیات کیلئے نمونہ بنائے اور اس پر کاربند ہو کر دنیا وعقبیٰ کی سعادت کبریٰ سے مستفید ہو یہی اخلاق بنیادی اساس اور اصل الاصول ہے۔

اخلاق اسلامی کے عملی مظاہر:

جیسا کہ سابقہ صفحات میں عرض کیا جا چکا ہے۔کہ اسلامی اخلاق اپنے تئیں ایک وسیع مفہوم رکھتا ہے اسلئے اس کے ایجابی اور سلبی پہلوؤں پر روشنی ڈالنا ناگزیر ہے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس مقام پر عملی اخلاق کے بعض ایسے حصوں کا بیان کیا جائے جو اسلامی تعلیمات سے متعلق ہیں ان میں سے صدق "صبر، تواضع اور حلم وغیرہ اس کے ایجابی پہلو ہیں اور حسد، کبر، عصبیت اور دیگر روحانی بیماریاں اس کے سلبی پہلو ہیں۔

(۱) صدق: سچائی کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ امام غزالی فرماتے ہیں کہ عملی فضائل میں اس کو بنیادی حیثیت حاصل ہے مزید فرماتے ہیں کہ صدق کی عظمت کیلئے یہ کافی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انبیاء کی تعریف وتوصیف میں سب سے پہلے اسی فضیلت کا بیان فرمایا ہے۔

امام غزالی کے نزدیک صدق کے چھ (۶) مراتب ہیں۔

(۱) صدق قول: یعنی انسان کی زبان ہر حال میں حق کے بولنے کی عادی ہو اور حق کے علاوہ ناحق باتوں کا صدور اس سے محال ہو۔

(۲) صدق نیت: مطلب یہ ہے کہ اس کے حرکات وسکنات میں اللہ تعالیٰ کی رضا کے علاوہ کوئی دوسری شی پیش نظر نہ ہو اس لئے آپ نے فرمایا کہ وہ شخص جھوٹا نہیں جو دو آدمیوں کے درمیان صلح کیلئے کوئی بات کردے۔

(۳) صدق عزیمت: مقصد یہ ہے کہ اس کے عزم وارادہ میں قوت ہو اور جو کچھ کہتا ہے اس کے عمل کے بارے میں اس کو قطعاً تردد اور اضطراب نہ ہو گویا کہ وہ فولادی قوت ارادی کا مالک ہو۔

(۴) صدق وفاءِ عزم: یعنی جو کچھ اپنے گفتار سے کہتا ہے اس کو عملی جامہ پہنانے کی بھی صلاحیت رکھتا ہو صرف زبانی جمع خرچ کا قائل نہ ہو بلکہ عزم بالجزم پر یقین رکھتا ہو۔

(۵) صدق اعمال: مطلب یہ ہے کہ اس کے ظاہری اعمال اس کے باطن کی ترجمان ہوں اور تمام معاملات میں یہی صفت اس میں نمایاں ہو۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

(۶) صدق مقاماتِ دین: اس میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ رشتہ خوف ورجاء، زھد وتقوی اور رضا وتوکل جیسے فضائل کے ساتھ الحاق ہی دین و دنیا میں کامیابی و کامرانی کا ضامن بن سکتا ہے اور انسان کو مقصود اصلی تک پہنچا سکتا ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ صدق کے مندرجہ ذیل اقسام میں سے صدق عمل ہی وہ نوع ہے جو باقی تمام انواع کیلئے ایک معیار اور کسوٹی کی حیثیت رکھتی ہے اس لئے کہ زندگی کے تمام معاملات میں اس کے متعلقین اسی ایک فضیلت کے عدم یا وجود کی بنا پر صادق یا کاذب کہلائیں گے اور بقیہ امور صدق میں صدق عمل پر ہی قیاس کیا جا سکے گا اس لئے ہم پر یہ لازم ہے کہ زندگی کے تمام معاملات میں فضیلت صدقِ عمل کو ہاتھ سے نہ جانے دیں خود بھی اس پر عمل کریں اور دوسروں کو بھی اس پر عمل پیرا ہونے کیلئے مجبور کردیں تا کہ دنیا و آخرت کی سرخروئی نصیب ہو اور رضائے الٰہی کا سبب بن سکے۔

صبر: اسلامی اخلاق کے ایجابی پہلوؤں میں سے ایک صبر بھی ہے جس کے بارے میں امام غزالی کو قول ہے کہ علم و معرفت جب یقین کا درجہ حاصل کر لیتے ہیں۔ تو ''صبر'' کا پھل خود بخود سامنے آتا ہے قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ " یا ایھاالذین امنوا صبروا صابروا و رابطو واتقواالله لعکم تفلحون" کہ اے ایمان والو صبر اختیار کرو اور دشمنوں کے مقابلے میں استقامت دکھاؤ اور ان سے مقابلے کیلئے تیار ہو اور تقویٰ کی زندگی اختیار کرو تا کہ تم کامیاب ہو جاؤ۔

یہی وجہ ہے کہ فاروق اعظم فرماتے ہیں کہ اگر صبر و شکر دو اونٹ ہوتے تو مجھے سوار ہونے کیلئے ان میں سے کسی ایک کی ترجیح کی ضرورت نہ پڑتی۔ اور حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ ''صبر'' ایک ایسی سواری ہے جس سے گرنے کا کبھی اندیشہ نہیں ہوتا۔

امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ صبر چونکہ ایک کلی خوبی ہے اسلئے جن جن امور کے متعلق صبر

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

کیا جاتا ہے ان کے اعتبار سے صبر کے بہت سے نام ہیں جو حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے مختلف ہونگے مثلاً ایک انسان اپنے نفسانی خواہشات کو مغلوب بناتا ہے اوراس کے بدلے میں اپنے لئے عفت و پاک دامنی اختیار کر لیتا ہے تو نفسانی خواہش کے مقابلے میں صبر کرنا عفت کہلاتا ہے گویا کہ یہ بھی صبر ہی ہے لیکن نام کا اختلاف پایا جاتا ہے۔

اسی طرح بسا اوقات انسان پر مصائب کے پہاڑ ٹوٹ پڑتے ہیں لیکن وہ اپنے منہ سے اف تک بھی نہیں کرتا بلکہ حالات کا خندہ پیشانی سے مقابلہ کرتا ہے اور صبر کے دامن کا ہاتھ سے چھوٹنے نہیں دیتا اب ہم یہاں کہیں گے کہ مصائب کے مقابلے میں قوت برداشت صبر کہلاتی ہے اوراس کی ضد کو جزع فزع یا آہ بکا کہیں گے۔

یا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت انسان کو مال واولاد اور دیگر دینوی نعمتوں سے نوازا ہے اب اس تمول وخود عیشی پر انسان اگر بربادی اور تحمل اختیار کرے تو اس کو ہم صبر کہیں گے لیکن اگر بجائے صبر وضبط نفس کے اس مالداری کو اپنی طرف منسوب کر کے اپنے ہاتھوں کا کمال ٹھہرالے تو یہی چیز ایک مذموم شی بن کر شیخی بگھارنا کہلائے گی۔

امام غزالیؒ نے صبر کے احکام کی تفصیل بھی بیان کی ہے فرماتے ہیں کہ صبر حکم کے اعتبار سے چار حصوں ''فرض، مکروہ، نفل اور حرام میں تقسیم ہوتا ہے مزید فرماتے ہیں کہ ممنوعات شرعی اور اخلاقی پر صبر کرنا فرض ہے اور مکروہات پر صبر کرنا نفل ہے اور اپنی اہل وعیال کی یا دینی محارم کی ھتک اور بے عزتی پر صبر کرنا حرام اور ایسے امور پر صبر کرنا جو شریعت و اخلاق کی نگاہ میں ممنوعات سے اتر کر مکروھات میں داخل ہیں ''مکروہ'' ہے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

تو حاصل کلام یہ نکلا کہ گویا دینی و اخلاقی اسباب ودواعی کی قوت کیلئے ہم دو دواؤں کو تجویز کریں گے نمبرا۔ صبر اور اس کے حالات میں غور وفکر کرنا تا کہ اس کے واسطہ سے مجاہدہ اور ریاجت، نفس کی طرف رغبت پیدا ہو۔ نمبر۲۔ پھر ان کو بار بار پیش نظر رکھ کر ہوا وہوس کے اسباب کو سد باب ہو جائے بہر حال صبر بہت سے اخلاق کریمانہ کی اساس و بنیاد ہے بلکہ اگر ہم اس کو نصف الایمان قرار دیں تو بے جا نہ ہوگا۔

حیا:۔ حیا بھی اسلامی اخلاق کے اہم پہلوؤں میں سے ایک پہلو ہے انسان میں ایک ایسی قوت ودیعت کی گئی ہے جس کے ذریعے انسان خیر اور نیکی کی طرف رغبت اور برائی سے بچنے کی صلاحیت حاصل کر لیتا ہے آپ کا ارشاد گرامی ہے۔ الحیاءُ شعبۃ من الایمان (بخاری) حیا ایمان کا حصہ ہے اور بخاری شریف میں آپؐ نے فرمایا ''الحیاء لا یاتی الا بخیر'' (بخاری) حیا میں فقط خیر ہی ہے تو معلوم ہوا کہ خیر و اچھائی کی بہترین علامت شرم وحیا ہے اور شر برائی کی علامت بے حیائی و بے شرمی ہے، یہی وجہ ہے کہ ایک عربی شاعر کہتا ہے۔

لاتسئل المرء عن خلائقه
فی وجهه شاهد من الخير

یعنی انسان سے اس کے اخلاق کے بارے میں مت پوچھ اس کا چہرہ مہرہ خود اس کے با اخلاق یا بد اخلاق ہونگی گواہی دیگا۔ لہذا انسان کو پہلی نظر میں دیکھ کر پرکھا جا سکتا ہے کہ مذکورہ شخص کتنے پانی میں ہے جس شخص میں اخلاقی معیار کی کمی ہے اور وہ اخلاقی گراوٹ کا شکار ہے۔ تو وہ کسی طرح اعمال قبیحہ سے باز نہیں رہ سکتا اور

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

اس میں گناہوں سے بچنے کی جرآت کبھی بھی پیدا نہیں ہوسکتی۔

بقول کسے: اذالم تستحی فاصنع ماشئت یعنی جب انسان بے حیا بن جائے تو پھر جو جی میں آئے وہ کر گزرتا ہے حیا کو عام طور پر تین حصوں میں منقسم کیا جاسکتا ہے۔

(۱) اللہ تعالیٰ سے حیا: خدا سے حیا کا مطلب یہ ہے کہ انسان اوامر کو بجالانے اور نواھی سے اجتناب و پرہیز کو اپنی زندگی کا جزو لاینفک بنائے گویا کہ ظاہری اور باطنی اعضاء کی حفاظت اور ان کو موقع محل پر استعمال کرنا حیا کا حق ادا کرتا ہے، مثلاً آنکھیں اللہ تعالیٰ نے دیکھنے، کان سننے اور زبان بولنے کیلئے دی ہے لیکن تینوں اعضاء اس وقت تک کارآمد رہیں گے جب تک ان سے خلاف شریعت کوئی عمل سرزد نہیں ہوگا اور وہ اللہ تعالیٰ کے احکام کے تابع چلیں گے لیکن اگر مذکورہ تینوں اعضاء اپنے حدود سے تجاوز کریں گے تو وہ حیا کے زمرے سے نکل کر بے حیائی کے گرداب میں پھنسیں گے اس طرح یہی حال تمام اعضاء و جوارح کا ہے۔

(۲) لوگوں سے حیا: جب ایک انسان خدا تعالیٰ سے حیا کرے گا اور اپنے اعضاء جوارح کو گناہوں کی آلودگی اور نجاست سے بچائے گا تو لوگوں سے حیا ایک لازمی امر ہے کیونکہ عام حالات میں انسانی تعلقات کا محور انسان ہی ہوتے ہیں اور انسان حقوق کی ادائیگی اس کے لئے مانع اور رکاوٹ بن جائیگی کہ وہ جن کے حقوق کا علمبردار ہے انھی کے ساتھ بے شرمی اور بے حیائی کا مظاہرہ کرے۔

(۳) اپنے نفس سے حیا: چونکہ حیا ایک اندرونی کیفیت کا نام ہے اس لئے اس کی ابتداء عملی زندگی میں اپنی ذات سے شروع ہوکر عام لوگوں تک پہنچتی ہے اور جب انسان اپنی نفس سے حیا کرے گا تو ضروری ہے کہ پوری مخلوق اس کے شر سے اپنے

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

آپ کو محفوظ سمجھے تا کہ معاشرے میں امن وسکون کا بول بالا ہو۔

اسلامی اخلاق کے سلبی پہلو: گزشتہ صفحات میں اسلامی اخلاق کے چند ایجابی پہلوؤں پر نہایت اختصار کے ساتھ بحث کی گئی اب چونکہ سلبی پہلو "بداخلاقی" کے زمرے میں آتے ہیں اس لئے چند روحانی بیماریوں کا ذکر مع اس کے علاج کے کریں گے اس لئے "بداخلاقی" انسانیت کو رسوا کرنے والا اور پوری کائنات کے نظام کو برباد کرنے والا ہوتا ہے اور تمام روحانی امراض کا سرچشمہ بھی آپ اس کو کہہ سکتے ہیں۔

(ا) حسد: کسی شخص کے حسن کمال مالداری، خوبصورتی یا دیگر خوبیوں کو دیکھ کر رنجیدہ اور ملاپ ہونا اور ان سے ان نعمتوں کے چھن جانے کی خواہش رکھنا "حسد" کہلاتا ہے۔

یہ ایک ایسا موذی اور مہلک مرض ہے جو روح انسانی کیلئے ناسور کی حیثیت رکھتا ہے حسد کی آگ انسان کے دین و دنیا کی تباہی کا ضامن ہے یہی وجہ ہے کہ رب کائنات قرآن مجید میں خصوصی طور پر حاسد کے شر سے پناہ مانگنے کی تلقین فرماتے ہیں۔ ومن شر حاسد اذحسد (سورۃ الفلق (اے اللہ آپ کی پناہ چاہتا ہوں حاسد کے اس شر سے جو حسد کی صورت میں ظاہر ہو ایک مرتبہ آپ نے اپنے خطبہ میں ارشاد فرمایا کہ اے لوگو تم میں آہستہ آہستہ سابقہ امم کی روحانی بیماریاں بغض و حسد وغیرہ سرایت کر رہی ہیں یہ امراض خبیثہ تمہارے دین کا تباہ و برباد کرنے والے ہیں اس لئے ان سے بچنے کی سعی کی جائے۔ (الحدیث)

علاج: چونکہ حسد پیدا ہونے کے اسباب مختلف ہیں اس لئے اس کا مختلف طریقوں سے کیا جا سکے گا اگر حسد کے پیدا ہونے کا سبب بغض ہے تو اس کا علاج یہ ہے کہ اپنے نفس کو کنٹرول میں رکھے تا کہ محبت کی فضا قائم ہو سکے لیکن اگر حسد پیدا

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

ہونے ہونے کا سبب محسود کے کمالات ہیں کہ حاسد دل میں یہ حسد رکھتا ہے کہ وہ باوجود کوشش کے ان کمالات کو کیوں حاصل نہیں کر سکتا۔ تو اس کا علاج یہ ہے کہ انسان مذکورہ کمالات میں اپنے سے بلند تر انسان پر نظر رکھنے کے بجائے خود سے کمتر انسانوں پر نظر رکھے تا کہ اس کے دل میں شکر کا جذبہ موجزن ہو تیسری صورت یہ ہے کہ حاسد اپنی بری استعداد و کوششوں کی بنا پر محسود کے کمالات کا دشمن ہے اس لئے وہ جس شخص کو بھی دیکھتا ہے رنجیدہ اور ملال ہو جاتا ہے تو اس کا علاج یہ ہے کہ چونکہ حاسد کے حسد کا باعث، فضائل میں بخل ہے تو انسان کا فرض بنتا ہے کہ اول بخل کا علاج کرے اور اس کے بعد اس منحوس مرض ''حسد'' سے نجات حاصل کرے کیونکہ حسد ایک ایسی بیماری ہے جو نیکیوں کو جلا کر راکھ کر دیتی ہے آپؐ ارشاد ہے ان الحسد یاکل الحسنات کما تاکل النار الحطب (المشکوہ) کہ حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتی ہے کہ جیسے آگ خشک لکڑیوں کو اسلئے ہمیں چاہیے کہ اس موذی روحانی مرض سے اجتناب برتیں اور اگر کسی میں کسی درجے میں موجود ہو تو اس کا اسباب جان کر اسکے علاج میں دیر نہ کریں۔

کبر: اسلامی اخلاق کے سلبی پہلوؤں میں سے ''تکبر و غرور'' بدترین مرض ہے جس کو اگر تمام روحانی امراض کی بنیاد یا سرچشمہ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا مغرور شخص اپنے غرور کی بدولت ہلاکت کے گہری کھائی میں اوندھے منہ گر جاتا ہے مگر اس کو مطلق احساس نہیں ہوتی حضرت علیؓ تو یہاں تک فرمایا کرتے تھے کہ غرور و تکبر حق کی ضد اور عقل کی تباہی پر قائم ہے آپ کے ارشادات جہاں دیگر روحانی بیماریوں کے تذکرے سے بھرے پڑے ہیں وہیں یہ بھی آپؐ کا فرمان ہے کہ غرور نیکیوں کو اسطرح

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

ختم کر دیتی ہے جس طرح آگ خشک لکڑیوں کو اور قرآن کریم سورۃ اسراء میں اللہ تعالیٰ تو متکبرین کو خطاب کرتے ہوئے یہاں تک فرماتے ہیں کہ: ولا تمش فی الارض مرحا انک لن تخرق الارض ولن تبلغ الجبال طولا (سورۃ الاسراء) اور زمین میں اکڑ کر (تکبر سے) مت چل اس لئے کہ نہ تو اپنی اس متکبرانہ چال سے زمین کو پھاڑ کی چوٹیوں کو سر کر سکے گا۔ کبر یا تکبر اس خود پسندی کو کہتے ہیں جس میں دوسروں کی تحقیر کی جائے اور اپنے آپ کو بلند سمجھا جائے اس لئے یہ مرض اجتماعی زندگی کیلئے جذام کی حیثیت رکھتا ہے لیکن دوسری طرف عزت نفس خود پسندی اور کبر نہیں ہے بلکہ وہ خود محمود م اور مستحسن خلق ہے جس کا وجود ہر شریف اور با اخلاق انسان میں لازمی ہے حضرت حسنؓ کا فرمان ہے کہ التکبر علی الاغنیاء تواضع: کہ مالداروں کے سامنے تکبر اور خودی کا اظہار عین تواضع ہے اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ جس شخص نے مالدار کے سامنے اپنے عاجز سمجھا یعنی فروتنی کا اظہار کیا اور اپنے نفس کو دنیاوی لالچ کی خاطر اس کے لئے پست کیا تو سمجھو اس کی دو تہائی دین اور نصف عزت برباد ہو کر رہ گئی۔

آپ کا فرمان ہے: لا ینبغی للمو من ان یذل نفسه ، کہ کسی مسلمان کیلئے یہ جائزہ نہیں کہ وہ اپنے نفس کو ذلیل کر دے۔ تکبر کا اظہار عموماً زبان سے ہوتا ہے اور متکبر شخص یہ سمجھتا ہے کہ چوں ما دیگرے نیست کہ ہم جیسا کوئی نہیں اور کبھی کبھی جلال میں آکر یہ بھی کہتا ہے کہ پدرم سلطان بود کہ میرا باپ بادشاہ تھا اور ان جیسے الفاظ سے اپنی دنیا و آخرت کو تباہ و برباد کر کے رکھ دیتا ہے اور یہ سمجھتا ہے کہ اس سے بڑا کوئی نہیں اور اس سے پوچھ گچھ کرنے والا کوئی نہیں اور دوسری طرف اپنی حقیقت کو بھول جاتا ہے کہ اس کی حیثیت ایک ناپاک نطفے کی سی تھی جو رحم مادر اور صلب پدر کی

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

مرہون منت تھی۔ اور جسم کے جس حصے پہ لگ جاتی اس کو ناپاک کر کے رکھ دیتی تھی لیکن یہی شخص جب شہادت کی انگلی کو خصم کے سامنے لہرا کے کہتا ہے کہ تم مجھے جانتے نہیں ہو میں تمھیں دکھلا دونگا وغیرہ وغیرہ تو اس وقت بقایا چار انگلیاں اس کے گریبان کی طرف متوجہ ہو کے اسے جھنجوڑتے ہیں کہ پہلے اپنے گریبان میں جھانک کے اپنی اصلیت کو پہنچان لے کہ تو کتنے پانی میں ہے ایک بزرگ سے پوچھا گیا کہ تمھیں پتہ ہے میں کون ہوں تو اس نے برجستہ جواب دیا ہاں تمھاری ابتدا ایک ناپاک نطفہ کے مرہون منت ہے درمیانی زندگی میں گوہ کا ٹوکرا لئے پھرتے ہو اور آخر میں پھر مٹی میں رل مل کے گندہ بن جاتے ہو تو سو شخص لاجواب ہو گیا تو خلاصہ کلام یہ ہے کہ انسان اپنے آپ کو اس موذی مرض سے بچائے اور اپنے نفس کو خدمت خلق اور ہر شخص کی بھلائی چاہنے پر آمادہ کرے تا کہ اس موذی مرض کا علاج ممکن ہو سکے۔

حسن اخلاق کے حوالے سے حقوق العباد کی پاسداری: جب کوئی شخص دنیا میں آتا ہے تو لامحالہ اس کا واسطہ دنیا کے انسانوں کے ساتھ پڑتا ہے اور شریعت کا حکم یہ ہے کہ معاشرے میں موجود لوگوں کی حقوق کا دھیان کریں ایک دوسرے کی حق تلفی، آبروریزی اور جائز مال ہتھیانے والا بروز قیامت رسوا کن عذاب میں مبتلا ہوگا بخاری شریف کی حدیث ہے کہ آپؐ نے فرمایا کہ جس نے اپنے کسی بھائی پر ظلم کیا ہو یا اس کے آبروئی کی ہو یا کسی اور قسم کی حق تلفی کی ہو تو آج ہی اس سے معافی مانگ لے ورنہ بروز طاقت ظالم کے نیک عمل مظلوم کو دیئے جائینگے اور مظلوم کی برائیاں ظالم پر ڈال دیجائیں گی اور ظالم باوجود ظاہری اعمال کے تہی دامن اور مفلس شمار ہوگا، (بخاری) اور مسلم شریف میں ہے کہ آپؐ نے اپنے صحابیوں سے پوچھا کہ ماالمفلس کہ مفلس کون ہے تو صحابہ کرامؓ نے اپنی دانست کے مطابق اس شخص کو مفلس

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

گردانا جس کے پاس روپیہ نہ ہو لیکن آپؐ نے فرمایا کہ مفلس وہ ہے جو بروز قیامت نیکیوں کے انبار لیکر جائیگا لیکن دوسروں پر ناحق ظلم کرنے کیوجہ سے اس کی نیکیاں دوسروں پر بانٹی جائینگی اور دوسروں کے گناہ اس کے کھاتے میں ڈالے جائینگے اور وہ شخص باوجود نیکیوں کے گناہوں کے دلدل میں پھنس جائے گا اور حقیقی مفلس کہلائے گا الغرض بندوں کے حقوق کا معاملہ بڑا سخت ہے اسلئے بندوں کی حق تلفی سے حتی الامکان اجتناب لازم ہے لیکن آج کل کا زمانہ چونکہ مشینی دور کہلاتا ہے اور لوگوں کی اکثریت آخرت کے معاملے میں بے فکر ہے اور بد دینی کی فضا پھیل رہی ہے اس لئے دوسروں پر ظلم اور ان کے حقوق دبانے کو کوئی گناہ بھی نہیں سمجھتے اس لئے عقلمند شخص وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے لوگ محفوظ رہیں لیکن ہماری حالت تو یہ ہے کہ ہمیں اس وقت تک سکون نصیب نہیں ہوتا جب تک کہ اپنے مسلمان بھائی کو نقصان نہ پہنچائیں انھیں گالیاں نہ دیں اور ان سے بیگار وغیرہ نہ لیں حالانکہ غریب لوگ ہمارے مملوک ہیں اور نہ ہی ہمارے زرخرید غلام اور غلاموں کے بارے میں بھی آپ کا ارشاد ہے کہ انھیں اذیتیں مت دو ورنہ بروز قیامت ان کے بارے میں بھی پوچھ گچھ ہوگی حضرت حسنؓ کے بارے میں آتا ہے کہ اس کی لونڈی کھانا لا رہی تھی کہ برتن ہاتھ سے چھوٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا حضرت حسنؓ غصے سے لال پیلے ہو گئے لونڈی تو کانپنے لگی اور فرمایا والکاظمین الغیظ مطلب یہ ہے کہ وہ شخص جو غصے کو دباتا ہے وہ اللہ کو محبوب ہے حضرت حسنؓ نے فرمایا میں نے غصہ دبالیا پھر لونڈی کہنے لگی والعافین عن الناس اللہ کو وہ شخص بھی محبوب ہے جو لوگوں کو معاف کرتے ہیں حضرت حسنؓ نے فرمایا میں نے تمھیں معاف کر دیا پھر لونڈی کہنے لگی واللہ یحب المحسنین مطلب یہ ہے کہ صرف معاف نہیں کرتے بلکہ الٹا احسان بھی کرتے ہیں اس کے جواب میں حضرت حسنؓ نے فرمایا جاؤ میں نے تمھیں آزاد کر دیا تو خلاصہ کلام کا یہ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

نکلا کہ اگر کوئی دوسرے کو اپنے جیسا انسان سمجھے اور ان کی کوتاہیوں لغزشوں کو درگزر کر دے تو اللہ تعالیٰ کو یہ بندہ محبوب ہوگا اور بروز قیامت وہ اللہ تعالیٰ کے حضور سرخرو ہونگے۔

حصول اخلاق کے ذرائع: خالق کی خوشنودی اور مخلوق میں ہر دلعزیزی حاصل کرنے کیلئے اخلاق سب سے بڑا بہترین اور موثر ذریعہ ہے انسان اگر تمام خوبیوں سے متصف ہو عالم فاضل ہو عابد و زاہد ہو لیکن اخلاق جیسے اوصاف سے محروم ہو تو اس کا علم و فضلیت، عبادت و زھد سب ھیچ ہیں اس کے علم و زہد کی کوئی حیثیت نہیں اعتقادی طور پر انسان خواہ کسی مذہب سے تعلق رکھتا ہو ہر ایک انسان میں حقیقی جوہر انسانیت ہونا ضروری ہے جو اخلاق کہلاتا ہے بقول کسے۔

بہر مذہب کہ باشی، خوش اخلاق و بخشندہ
کہ کفر و نیک خوئی بہ زاسلام و بداخلاق

آپؐ نے اخلاق کی تعلیم پر جس قدر زور دیا ہے اس کے مطالعے کے بعد یہ دعویٰ کیساتھ کہا جاسکتا ہے کہ مذہب اسلام کی تمام پر تعلیم کا لب لباب اور خلاصہ اگر ایک لفظ میں بیان کیا جائے تو وہ صرف ''اخلاق'' ہے حضورؐ سے ایک شخص نے تین مرتبہ یہی سوال کیا کہ دین کیا ہے آنحضرتؐ نے تینوں مرتبہ جواب فرمایا ''اخلاق'' اور اگر ایک فقرے میں بیان کیا جائے تو آپؐ کے فرمان مبارک سے ظاہر ہے الاسلام تعظیم لامر اللہ والشفقۃ علیٰ خلق اللہ کہ اسلام اوامر الٰہی کی تعظیم اور خلق خدا پر شفقت و رحمت کا نام ہے آپؐ کا ارشاد گرامی ہے خوئے بد (بداخلاقی) عبادت کو اس طرح تباہ برباد اور زائل کر دیتی ہے جیسے سرکہ شہد کو دوسری جگہ ارشاد فرمایا کہ مخلق بمنزلہ اولاد خالق کے ہے جو کوئی اولاد سے پیار کریگا اللہ اس سے پیار کریگا اس سے معلوم ہوا کہ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

تعظیم لامر اللہ یعنی فرائض الٰہی کی ادائیگی بھی شفقت علیٰ خلق اللہ کے بغیر بے نتیجہ محض ہے جس کا ثبوت آپ کی عملی زندگی اور اسوہ حسنہ ہے جس کو قرآن مجید سورۃ احزاب میں قیامت تک آنے والی امت کیلئے قابل عمل اور لائق تقلید قرار دی گئی ہے۔

(سورۃ احزاب)

انسان چونکہ بالطبع مظہر ضدین و مستجمع النقیضین ہے یہ نورانی بھی ہے ظلمانی بھی زمینی بھی آسمانی بھی، ظالم بھی عادل بھی، عامل بھی، غافل بھی عرض یہ ہے کہ تمام صفات کریمہ یعنی اچھے افعال اور صفات ذیمہ یعنی برے افعال اس کی سرشت میں موجود ہیں یہ اس کے اختیار میں ہے کہ ان میں سے وہ کسی پر بھی عمل پیرا ہو بقول شاعر:

گو بظاہر خاک کے پتلے ہیں یکساں سب مگر
کوئی ہے اکسیران میں اور کوئی خاک ہے

حقیقت ہے کہ اس دنیا میں انسانیت کے اعتبار سے اگرچہ سب متفق ہیں لیکن اخلاق عالیہ کے اعتبار سے ان میں تفاوت ہے کوئی اخلاق کے اعلیٰ درجے پر ہے تو کوئی بداخلاقی کی انتہا پر پہنچا ہوا ہے انسان کی کامیابی اور فلاح کا ضامن اس کے اعلیٰ اخلاق ہیں اور پورے عرب پر اسلام کے جھنڈے لہرانے کا سبب آپؐ کے اخلاق عالیہ ہیں آج ہم نے اس نعمت عظمیٰ کو چھوڑ دیا ہے بنابریں اخلاقی گراوٹ کا شکار ہو چکے ہیں۔

اخلاق عالیہ کے ذریں اصول: اخلاق عالیہ ہی وہ نسخہ کیمیا ہے جو انسان کو اوج ثریا تک پہنچاتی ہے لوگ سمجھتے ہیں کہ اخلاق کے حصول کیلئے شب بیداری اور ریاضت کی ضرورت پڑتی ہے اور پتہ نہیں کیا کیا پاپڑ بیلنے پڑتے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ حصول اخلاق کیلئے کسی زیادہ جہد و کوشش کی ضرورت نہیں پڑتی بلکہ وہ تمام

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

افعال والفاظ جن کو انسان کسی دوسرے انسان کے حق میں استعمال کرنا چاہتا ہے اس کے متعلق عمل پیرا ہونے سے پہلے صرف اتنا سوچ لے کہ اگر یہی الفاظ کو سننے کی سکت رکھوں گا اس طرح کیا اس کے ان الفاظ یا افعال سے میں رنجیدہ خاطر تو نہ ہوں ہوگا گویا کہ تمام مجموعہ اخلاق کو اگر ایک لفظ میں بند کر کے دریا کو کوزے میں بند کرنے والی مثال پیش کرنا چاہیں تو وہ مخصوص فقرہ یہ ہے ہر چہ خود پسندی برائے دیگراں پسند مطلب یہ ہے کہ جو کچھ اپنے لئے محبوب رکھتے ہو وہی اپنے دوسرے مسلمان بھائی کیلئے بھی محبوب رکھنا پڑے گا گویا کہ آپ ؐ کی حدیث کو سمجھنے اور اس پر عمل پیرا ہونیکی صورت میں اخلاق عالیہ کے اعلیٰ مراتب کا حصول چنداں دشوار نہیں یہ زریں مقولہ جاھل انسان کیلئے بھی کسی دوسرے معلم اخلاق کی ضرورت نہیں چھوڑتا اور وہ خود بخود تمام اخلاق فاضلہ کا عامل بن جائے گا اور جو انسان خود اس آسان طریقے سے فائدہ نہ اٹھائے اور دینی اصلاح وتربیت کی کوشش نہ کرے تو دوسروں کی کوشش اس پر بہت کم اثر انداز ہوگی مثل مشہور ہے کہ گڑ نہ دے تو گڑ سی بات کرے یعنی اگر تم کسی کو مالی مفاد نہیں پہنچا سکتے تو شیریں کلامی کے دو بول کے ذریعے اس کا دل خوش کر سکتے ہوا گر شیریں کلامی اور خوش لسانی سے محروم ہو تو اتنا کر سکتے ہو کہ دل آزادی والی باتوں سے باز رہ کر خود کو اور مخاطب کو محفوظ رکھ سکتے ہو بقول فارسی شاعر

اے زنبور گر عسل نہ دہی نیش مزن

اے بھڑ! اگر شہد عطا کرنے کی ستطاعت نہیں رکھتے ہو تو زہریلے ڈنگ کے ذریعے مجھے نقصان مت پہنچاؤ۔ گویا کہ انسان اس وقت انسان کہلانے کا حقدار ٹھہرے گا جب اس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے انسان محفوظ رہیں شیخ سعدیؒ خوب فرماتے ہیں۔

جراحات السنان لها التيام
ولا يلتام ما جرح اللسان

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

مطلب یہ ہے کہ تلوار کے زخم کیلئے ایک نہ ایک دن بھرنا ہوتا ہے۔لیکن زبان کی کاٹ یا زبان کے زخم کیلئے بھرنا کبھی بھی ممکن نہیں۔انسانی زندگی کا مقصد یہ نہیں ہے کہ اسے خوشی یا غم میں ختم کر دیا جائے بلکہ انسان پر یہ فرض بنتا ہے کہ ہر روز اپنے کو پہلے کی نسبت بہتر بنانے کی کوشش کر دے کیونکہ جو نیکی بابدی ہم کریں گے اس کا پھل یا ثمرہ ہمیں ضرور ملے گا اگر چہ اس کا بدلہ ہمیں اس جہاں میں ملے یا اس کے لئے ہمیں اگلے جہاں تک انتظار کرنا پڑے یہی وجہ ہے کہ عقلاء کہتے ہیں صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے۔

صاحب خلق عظیم کے اعلیٰ اخلاق: جیسا کہ ابتداء میں عرض کیا جا چکا ہے کہ آپؐ اعلیٰ اخلاق کے پرتو تھے اور اخلاق عالیہ آپؐ کی ذات پر پہونچ کر منتہیٰ کو پہنچ جاتی تھی اس لئے اگر ہم آپؐ کے مکی زندگی کا مطالعہ کریں تو ہمیں آپؐ وقتاً وقتاً اپنے اخلاق کریمانہ کے ذریعے کفار مشرکین کے دلوں میں ایمانی نور حلاوت بکھیرتے ہوئے نظر آئیں گے اس نادان عورت کا واقعہ کس کی نظروں سے پوشیدہ ہوگا جو تسلسل کے ساتھ آپؐ پر کوڑے کرکٹ پھینکا کرتی تھی جب درمیان میں چند دنوں کو وقفہ ہوا تو معلوم کرنے پر پتہ چلا کہ موصوفہ چونکہ شدید بیمار ہیں اس لئے آپ کچھ دنوں کیلئے اس کی ایذاء و تکالیف سے محفوظ ہیں فخر دو عالم،نور مجسم،سرتاپا رحمت بنفیسے نفیس اپنے چند جانثاروں کے ہمراہ اس عورت کے گھر کی جانب محو سفر ہیں عورت شدید گھبراہٹ کا شکار ہوگئی کہ آج یقیناً بدلہ لینے کیلئے آیا ہوگا لیکن قربان جاؤں اس کالی کملی والے کی کہ فرمایا،خوف مت کر محمد آپ کی عیادت کیلئے آیا ہے یہ کہنے کی دیر تھی کہ عورت کے منہ سے آپؐ کے حق میں نبوت کی گواہی نکل گئی اور کہا کہ اشہدان لا الہ الا اللہ و اشھد انک رسول اللہ یہ وہ اخلاق کریمانہ تھے جو پتھر دل کو بھی موم کیا کرتے تھے۔

مکے کی ایک بوڑھی عورت کا تذکرہ تاریخ کی کتابوں میں آتا ہے کہ وہ نوجوانوں کو متنبہ کیا کرتی تھی کہ مکہ میں ایک نوجوان ہے اس کو دیکھنے اور اس کی باتیں سننے سے

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

ماں اور بیٹے یا باپ اور بیٹی میں جدائی لازمی ہے یہی بوڑھی عورت جنگل سے لکڑیوں کا گھٹا اٹھا کر لا رہی ہے آپؐ اس بوڑھی عورت کا بوجھ اس وجہ سے اٹھاتے ہیں کہ بوڑھی عورت سے بوجھ اٹھانا مشکل ہے تمام راستے میں خاموشی ہوتی ہے آخری وقت بوڑھی عورت اس پیکر شرم وحیا کو ناصحانہ انداز میں کہتی ہے کہ بیٹے ! مکہ میں محمدؐ نامی ایک شخص ہے جو سحر و جادو کے ذریعے لوگوں میں جدائی پیدا کرتا ہے اس لئے بحیثیت ماں میرا مشورہ یہ ہے کہ اس سے اپنے آپ کو بچاؤ آپ جواب دیتے ہیں کہ ماں! جس نوجوان کا تذکرہ آپ کر رہی ہیں وہ میں ہی ہوں وہ عورت اسی وقت چیخ مارتے ہوئے کلمہ پڑھتی ہے اور آپؐ پر ایمان لاتی ہے۔

ان واقعات کے بیان کرنے کا مطلب یہ ہے کہ مکی دور میں اسلام کے پھیلانے کا سبب آپؐ کے اخلاق عالیہ بنے آپؐ نے دین ترویج و اشاعت میں جس طرح اخلاق کے دامن کو تھامے رکھا تاریخ اس کی مثال پیش کرنے سے عاجز ہے۔

انسان خود سوچے کہ نبوت ملنے کے بعد (23) سال کے مختصر عرصے میں اسلام جزیرہ عرب کے کونے تک پھیلا اور اس پورے عرصے میں صرف کفار سے چند جنگیں لڑی گئیں اور چند سو افراد دونوں جانب سے مارے گئے گویا کہ اخلاق ہی وہ تلوار ہے جو لوہے کے ڈھال کو بھی چکنا چور کر کے رکھ دیتی ہے۔

شائستہ گفتگو بھی حسن اخلاق کی علامت ہے: عقلمندوں کو مقولہ ہے کہ درخت اپنے پھل سے پہنچانا جاتا ہے اس طرح کسی شخص کے قول و فعل کو دیکھ کر اس کے بارے میں اچھی یا بری رائے قائم کیا جا سکتا ہے چونکہ اخلاق کا دائرہ کار حد درجہ وسیع ہے اسلئے مہذب اور شائستہ گفتگو بھی حسن اخلاق کی علامت ہے اور بدتہذیبی اور ناشائستگی انسان کو بداخلاقی کے زمرے میں شامل کر دیتی ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے صحابہ کرامؓ کو آپؐ کے بارے میں خصوصی طور پر یہ تلقین کی گئی کہ " یا الھا الذین امنو لا تر

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

فعو اصواتکم فوق صوت النبی (الحجرات رکوع نمبر ۱) کہ اے ایمان والو آپ ؐ کی آواز پر اپنی آوازوں کو بلند مت کیا کرو مطلب یہ ہے کہ آپ ؐ کے سامنے اونچی آواز سے بولنا یا آپ ؐ کی آواز پر اپنے آواز کو بھاری اور بلند کرنا یہ اخلاق شریفانہ کے منافی ہیں اور آپ کے سامنے ایسی حرکتیں حبط اعمال کا سبب بنتی ہیں اسی سورت میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ''تحبط اعمالکم وانتم لاتشعرون'' کہ تمھیں پتہ بھی نہیں چلے گا اور تمھارے اعمال تباہ و برباد ہو جائیں گے۔

اس طرح کسی معزز اور محترم شخص کو پیٹھ پیچھے آواز دینا یہ بھی گفتگو میں شائستگی کی علامت ہے اور قرآن کریم ایسے لوگوں کو کم عقل اور جاھل کہہ کر پکارتا ہے۔ ان الذین ینادونك من وراء الحجرات اکثرھم لا یعقلون (الحجرات) کہ اے محمد ؐ! جو لوگ آپ کو پیٹھ پیچھے پکارتے ہیں ان میں سے اکثریت بے عقل ہیں۔

شائستہ اور مہذب گفتگو اللہ تعالیٰ کی جانب سے عطیہ خداوندی ہے مگر ان میں سے سب سے بہترین طریقہ اظہار وہ ہے جس سے حکمت و دانائی ٹپکی ہو اور جو اوضح ہو کلام کی یہی خصوصیت ہی انسان کو غور و فکر سے سننے، بے دھیانی کو دھیان میں تبدیل کرنے اور بھولی ہوئی باتوں کو یاد کرنے میں مدد دیتی ہے ایک صاحب عقل آدمی جب گفتگو کرتا ہے تو اس کے چند جملے دلوں کو موہ لینے والے اور انسان کو اپنی جانب متوجہ کرنے والے ہوتے ہیں۔ اور سامعین یہ سمجھ رہے ہوتے ہیں کہ گفتگو کرنے والا زبان سے نہیں دل سے کہہ رہا ہے بقول شاعر

دل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے
پر نہیں طاقت پرواز مگر رکھتی ہے

یہی وجہ ہے کہ انبیاء کرام علیھم السلام کو اللہ تعالیٰ نے یہ ملکہ خاص خصوصی طور پر

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

ودیعت فرمائی تھی ان کے قول وفعل میں مطابقت تھی خصوصاً آپ تو قرآن کی عملی تفسیر ہوتے تھے اسی لئے حضرت عائشہ صدیقہؓ پوری قرآن کو آپؐ کے اخلاق کریمانہ سے تعبیر فرمایا کرتی تھیں ''کان خلقہ القرآن'' غرض اللہ تعالیٰ نے انبیاء اکرام کو مہذب گفتگو کا سلیقہ عطا فرمایا اور ان کی امتوں کو ان کے اتباع اور پیروی کی تلقین فرمائی آپؐ نے اپنے اخلاق وسیرت اور اعلیٰ کردار سے خوش کلامی کا زریں درس دیا یہی ہمارے لئے اسوہ حسنہ اور لائق تقلید ہے اور دنیا وآخرت کے سنوارنے کا ذریعہ ہے۔ بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ جو شخص سب سے زیادہ باتونی ہوتے ہیں وہی سب سے زیادہ عقلمند ہوتے ہیں حالانکہ یہ فلسفہ سرے سے ہی غلط ہے قابل اعتماد شخص وہ ہے جو دوسروں کی باتوں کو تحمل سے سنتا ہے اس طرح بیوقوفوں سے جواب دینا بھی کم عقلی کی علامت ہے یہ بات سمجھنے کی ہے کہ نرمی سے جواب دینا غصے کو فروتر کر دیتا ہے اور الفاظ کی بنسبت لہجہ زیادہ اثر پذیر ہوتا ہے ایسے انسان ہمیں کم ملیں گے تمسخر اور استہزاء برداشت کرلیں کسی قسم کے ھتک آمیز الفاظ تمھیں ذلیل ورسوا نہیں بنا سکتے لیکن اپنے رویے سے انسان ذلیل بن سکتا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ انسان کو صاف گو ہونا چاہیے اپنی ذات کی نسبت زیادہ گفتگو کرنے والے کو لوگ عموماً احمق اور نرا جاھل سمجھتے ہیں اس لئے صاحب اخلاق لوگوں کیلئے ضروری ہے کہ وہ اپنے متعلق دوسروں کو گفتگو کا موقع فراہم کریں ایک فلسفی کا مقولہ ہے۔ کئی آدمی کی شرافت ارواس کے علم وعقل کا اندازہ اس کے غصے کی حالت سے لگایا جاسکتا ہے جس قدر وہ غصے میں بڑھا ہوا ہوگا اتنا ہی عقل وانسانیت سے اس کو گرا ہوا خیال کرنا مثل مشہور ہے کہ انسان اخلاق ہی سے بنتا ہے اور اچھی سیرت سب سے بڑی سفارش ہوتی ہے اس لئے خوش اخلاق ہر ایک کیلئے ضروری اور لابدی ہے دلوں پر لیاقت اور علم سے قبضہ اگر چہ ممکن نہیں لیکن اخلاقی ہتھیار اسے قبضہ میں

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

لے سکتی ہے۔

خلاصہ کلام کا یہ ہے کہ قومیں اخلاق ہی کے ذریعے پروان چڑھتی ہیں اور اخلاق ہی کے ذریعے ترقی کے منازل طے کرتے ہوئے منزل مقصود تک پہنچتی ہیں جس قوم میں بداخلاقی کی وبا اور اس کے جراثیم سرایت کر جائیں باوجود کثرت تعداد کے وہ قوم قعر مذلت اور پستی کی اتھاہ گہرائیوں میں گر جاتی ہے جہاں باوجود کوشش کے نکلنے کے وہ نکل نہیں پاتی اور انجام ایسے قوم کا سوائے ذلت و رسوائی کے کچھ نہیں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اخلاق کے اعلیٰ درجے نصیب فرمائے، بداخلاقی کے جراثیم جو ہمارے معاشرے میں ناسور کی طرح سرایت کر چکے ہیں اور پوری قوم کے فساد کے سبب بن چکے ہیں اللہ تعالیٰ ہمیں ان موذی جراثیموں سے نجات عطا فرمائے اور فرق مراتب کے سمجھنے کی بھی توفیق نصیب فرمائے اور اخلاق اقدار پر مر مٹنے کی توفیق نصیب فرمائے بقول شاعر:۔

اخلاق سب سے رکھنا، تسخیر ہے تو یہ ہے
خاک آپ کو سمجھنا، اکسیر ہے تو یہ ہے
غصہ بھی آجائے تو بے جانہ سخن سرزد ہو
جس کے کہنے میں ہے گویا وہ زبان ہاتھ میں ہے

اور بقول کسے

گو بظاہر خاک کے پتلے ہیں یکساں سب مگر
کوئی ہے اکسیر ان میں اور کوئی خاک ہے۔

.....☆☆☆.....

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

ایہام گوئی کی تحریک

فضل کریم (لیکچرار اردو)

ولی دکنی کی غزل سے اردو غزل گوئی کی ایک مستحکم روایت کا آغاز ہوتا ہے گو کہ ولی سے قبل اردو غزل گوئی کی روایت موجود تھی لیکن اس دور کی غزل پر ہندی گیت کے ساتھ ساتھ ہندوستان کی مقامی بولیوں کے اثرات نمایاں نظر آتے ہیں ولی نے پہلی مرتبہ اردو غزل کو ایک نیا رنگ و آہنگ دیا۔ جس وقت جنوبی ہند میں اردو غزل ایک نئے جہان معنی سے روشناس ہوا تھا عین اسی وقت شمالی ہند میں اردو بول چال کی زبان سے آگے نہ بڑھ پائی تھی وہاں کے مقامی شعراء فارسی زبان میں اپنے واردات قلبی کا اظہار کر رہے تھے اور وہ اردو زبان کو اس قابل نہیں سمجھ رہے تھے کہ وہ شاعری بالخصوص غزل کے بھاری کو کم بوجھ کو اٹھا سکے لیکن 1722ء میں جب ولی دکنی کا دیوان شمالی ہند پہنچا تو اس کو دیکھ کر لوگوں کو ایک خوشگوار حیرت کا احساس ہوا۔ ولی کا دیوان ہاتھوں ہاتھ لیا جانے لگا۔ اب وہ ولی کے تتبع میں غزلیں کہنے لگے یہاں تک کہ اس نے ''ایہام گوئی'' کی شکل اختیار کر لی یہ اردو ادب میں ایک نئی چیز تھی ڈاکٹر جمیل جالبی اس کو اردو شاعری کی پہلی تحریک سے منسوب کرتے ہیں اس سے قبل اردو شاعری میں کسی تحریک کا سراغ نہیں ملتا۔ ''ایہام'' کے لفظی معنی ''وہم'' کے ہیں اور اس تحریک کے زیر اثر شعراء نے جو اشعار تخلیق کیے ''ذو معنویت'' یا ''تہ نویت'' ان کی بنیادی وصف تھی یعنی شعر کے بیک وقت دو معنی ہوتے تھے: ایک معنی فریب اور

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

دوسرا معنی بعید اور شاعر کا منشاء معنی بعید ہوتا تھا اس تحریک کے زیر اثر شعراء سر جوڑ کر ایسے اشعار تخلیق کرتے تھے جن میں ذو معنویت ہوتی یعنی آمد سے زیادہ آورد کا زور تھا بلکہ ایسے اشعار سرے ہی سے آورد تھے مثلاً

لام نستعلیق ہے اس بت کافر کی زُلف
ہم تو کافر ہوں جو بندے نہ ہوئے اس لام کے

غیر مسلموں کو کافر کہا جاتا ہے اور بظاہر دوسرے شعر کا مفہوم بھی یہی ہے لیکن شاعر کا مقصد یہ نہیں بلکہ کچھ اور ہے۔ یہاں شاعر نے اپنے محبوب کی زلف کو اردو کے حرف 'لام' (ل) جو خط نستعلیق میں لکھا جاتا ہے سے تشبیہہ دی ہے جو عموماً محبوب کی زلف کے مانند مڑا ہوا ہے اور یہاں 'اس لام' سے مراد مذہب، اسلام نہیں بلکہ یہ اشارہ ہے محبوب کے زلف کی طرف۔

ایہام گو شعراء کے ہاں شاعری صرف لفظ کاری تک محدود ہے ان کے ہاں نہ زندگی کا کوئی گہرا شعور ہے اور نہ ہی کوئی وسیع تجربہ۔ وہ صرف لفظوں سے کھیلنے تک محدود تھے نہ کوئی فکری نظام تھا نہ کوئی انفرادی رنگ وہ بس لفظی بازیگری میں ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی تگ ودو میں مصروف تھے ایک طرح سے وہ اردو غزل کے ایک تجرباتی دور سے گزر رہے تھے لیکن ان کے ہاں اگر کوئی مثبت بات نظر آتی ہے تو وہ یہ ہے کہ معنی الفاظ کے دست نگر ہوتے ہیں اگر معنی کے جہان کو ڈھونڈنا ہے تو اسے شعر کی ظاہری ساخت میں نہیں بلکہ الفاظ کی تہہ میں اتر کر ڈھونڈو۔ ڈاکٹر تبسم کاشمیری ایہام گوئی کو تجزیہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''ایہام گوئی نے لفظوں سے کھیلنے کا سبق سکھایا۔ لفظوں کی آویزش و آمیزش سے معنوی باریکیوں کے حصول کا طریقہ دریافت کیا۔ یہ لفظی مناسبات کی ایک ان

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

دیکھی دنیا کا سفر تھا جہاں شاعر لفظوں کی مناسبت سے معنی کی عجیب عجیب شکلیں دریافت کر لیتا تھا۔ ایہام گوئی نے لفظوں سے متعلق معنویات کے سلسلوں کو وسعت دی اور ثابت کیا کہ شاعر لفظی مناسبتوں سے بہت دور کے معنی تک بھی پہنچ سکتا ہے۔'' {اردو ادب کی تاریخ: ابتدا سے 1857ء تک، صفحہ نمبر 277}

گو کہ ولی دکنی کی غزل ایہام زدہ نہیں تھی لیکن اس وقت شمالی ہند کے شعراء کے سامنے فارسی کے شعرائے متاخرین کے شعری نمونے موجود تھے جن میں یہ رجحان موجود تھا لہذا دیگر شعری رجحانات کی طرح وہ ایہام گوئی کو بھی وہیں سے مستعار لے آئے۔ بظاہر یہ طرز سہل اور آسان معلوم ہوتا ہے تاہم اس کیلئے بڑی مشاقی اور فنکاری کی ضرورت ہوتی ہے خیال کو ایک ایسے الفاظ کے ذریعے بیان کرنا جس کے دو معنی ہوں اور پھر ان ذو معنی الفاظ کے ذریعے خیال کو ایسے پیرانے میں بیان کرنا جس سے شعر میں سقم پیدا نہ ہو۔ دیکھتے ہی دیکھتے یہ رجحان ہندوستان کے ہر کوچہ و کو میں پھیلنے لگا ہر طرف لوگ ذو معنی اشعار گنگنانے لگے، اسے اپنی تفریح کا ذریعہ بنانے لگے۔ اس رجحان کی وجہ سے ایک طرح سے اردو غزل جمود کا شکار ہوگئی کیونکہ شعراء جدید موضوعات کو برتنے کے بجائے اپنا زور صرف ذو معنی الفاظ کی تلاش میں صرف کرنے لگے اور بعض اوقات ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کے چکر میں اعتدال کا دامن ان کے ہاتھ سے چھوٹ جاتا اور وہ مبتذل اشعار کہنے سے بھی دریغ نہیں کرتے۔ ذیل میں ہم چند ایسے اشعار کا تجزیہ کریں گے جن میں ایہام گوئی کا رجحان موجود ہے:

بس کہ ہوں کم ظرف، دو پیالوں میں ہوجاتا ہوں مست
ہوش کھو دیتی ہیں میرا اس کی آنکھیں مئے پرست

(سعادت)

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

اس شعر میں شاعر نے ''کم ظرف'' کے ذریعے شعر میں دو معنی پیدا کئے ہیں۔ ''کم ظرف'' کے ایک معنی ہیں ِگرا ہوا شخص۔ بظاہر شاعر یہ کہہ رہا ہے کہ میں کتنا گرا ہوا آدمی ہوں کہ دو پیالے پینے کے بعد بے ہوش ہو جاتا ہوں لیکن یہ معنی قریب ہے جو شاعر کا مقصد نہیں ہے۔ یہاں کم ظرف سے مراد وہ شخص جو کم پیئے یعنی میں زیادہ نہیں پیتا میرے لئے صرف دو ہی گلاس کافی ہیں۔

محبت میں علیؓ کی دیکھ ناجؔی
ہوا ہے دل مرا اب حیدرآباد

(شاکر ناجی)

یہاں شاعر نے ''حیدرآباد'' کی رعایت سے شعر میں ایہام پیدا کیا ہے بظاہر شعر کو پڑھ کر یہ گمان ہوتا ہے کہ شاعر حیدرآباد شہر کی طرف اشارہ کر رہے ہیں لیکن ایسا نہیں ہے۔ 'حیدر' حضرت علیؓ کا لقب تھا شاعر حضرت علیؓ سے اپنی وارفتگی کا اظہار کرتے ہوئے کہہ رہے کہ اب میرے دل میں حیدرآباد ہو چکے ہیں یعنی بس چکے ہیں۔

کیا ہوا جو خط مرا پڑھتا نہیں
جانتا ہے خوب وہ مضمون کو

(شیخ شرف الدین مضمونؔ)

اس شعر میں شاعر نے اپنے تخلص کو استعمال کر کے شعر میں ایہام کی ایک ایسی کیفیت پیدا کی ہے کہ یہ ڈھونڈنا مشکل ہے کہ معنی قریب کون سا ہے اور کون سا معنی بعید۔

بظاہر شاعر یہ کہہ رہے ہیں کہ اگر وہ یعنی محبوب مرا خط نہیں پڑھتا تو کیا ہوا وہ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

واقف ہیں کہ مضمون یعنی شاعر نے خط میں کیا لکھا ہے جب دوسرا معنی یہ ہے کہ اگر محبوب خط کو نہیں پڑھتا تو کیا ہوا ان کو پہلے سے خط کا مضمون یعنی خط کا خلاصہ معلوم ہے۔

گل بدن، سیم تن، ہائے ہم سے کیوں روسا
ہم ترا لڑکے نئیں لیا بوسا

(عبدالوہاب یکرو)

بظاہر شاعر کسی صغیہ مذکر کو پوچھ رہے ہیں کہ اے لڑکے! تو ہم سے کیوں ناراض ہوا ہے ہم نے تو تمھیں ہاتھ نہیں لگایا لیکن یہ معنی قریب ہے جب کہ معنی بعید میں شاعر کسی صغیہ مذکر سے مخاطب نہیں یہاں لڑکے سے مراد Boy نہیں بلکہ لڑ، کے یعنی لڑ، کر نہیں یعنی لڑائی جھگڑا کر کے نہیں۔

گو کہ ایہام گو شعرا کے ہاں بعض مقامات پر فن کے اعلیٰ نمونے ملتے ہیں لیکن بحیثیت مجموعی ان کی شاعری لفظی بازیگری تک محدود ہے۔ ان شعرا کے عہد میں اردو غزل میں مضامین نو کا راستہ بند ہے۔ اٹھارویں صدی کی چوتھی دہائی کے آخری سالوں میں اردو کے ممتاز شاعر مرزا مظہر جانِ جاناں اس رجحان کے خلاف آواز بلند کرتے ہیں ان کی کوششوں اور کاوشوں سے اس رجحان کا خاتمہ ہو جاتا ہے اور اردو غزل میں نئی شعریات کا ظہور ہو جاتا ہے۔

کتابیات:

۱۔ تاریخ اردو ادب جلد دوئم، از ڈاکٹر جمیل جالبی

۲۔ اردو ادب کی تاریخ ابتداء سے 1857 تک۔ از ڈاکٹر تبسم کاشمیری

.....☆☆☆.....

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

یہ قیامت نہیں اور کیا ہے؟

حاتم مراد (بی۔اے فائنل ایئر)

بہت عرصہ پہلے جب کبھی لال آندھی چلتی تھی تو بزرگ کہتے تھے۔ ''آج کسی بے گناہ کا قتل ہوا ہے اس لئے یہ لال آندھی آتی ہے۔'' تو دل ایک دم مٹھی میں آجاتا تھا اور ہر کوئی افسوس کرتا کہ پتہ نہیں کون بے گناہ قتل ہوا ہے لیکن اب تو کوئی لال آندھی نہیں آئے بھی کیسے اور کتنی دفعہ آئے کیونکہ اب تو روزانہ بے گناہ مارے جارہے ہیں۔ جب بھی ہم ٹی وی On کرتے ہیں تو سب سے پہلے ہیڈ لائن پہ یہی دیکھتے ہیں فلاں جگہ بم بلاسٹ میں اتنے لوگ مارے گئے جن کی تعداد بھی صحیح طرح سے کسی کو معلوم نہیں ہوتا اب ہم لوگوں کو اپنے سامنے مرتا ہوا دیکھتے ہیں لیکن اب ہمارا دل مٹھی میں نہیں آتا ہم صرف یہ تسلی کر لیتے ہیں کہ ان مرنے والوں میں کوئی ہمارا اپنا شامل نہیں اور پھر ہم بڑے سکون سے اپنی راہ لیتے ہیں۔ جیسے یہ اتنی بڑی بات نہ ہو۔ ہمارے ضمیر مردہ ہو چکے ہیں۔ ہم بے حس پہلے اگر ایک گھر میں کسی کا انتقال ہو جاتا تھا تو سارے محلے میں کسی کے گھر میں چولھا نہیں جلتا تھا ہر کوئی اسی کے دکھ میں برابر کا شریک ہوتا تھا۔ لیکن اب اگر ایک گھر سے جنازہ اٹھا ہے تو ساتھ والے گھر میں شادی کیئے جاتے ہیں۔ ایک گھر میں خوشی کے شادیانے بجائے جاتے ہیں۔ ایک گھر میں کوئی باپ بھوک سے تنگ آکر اپنے بچوں کو مار کر خودکشی کرتا ہے تو ساتھ والے گھر میں پارٹیاں ہو رہی ہوتی ہیں۔

حکمران اپنی جیبیں بھر بھر کر سارا بوجھ مہنگائی کی صورت میں غریب عوام پر ڈال کر وزارتیں آپس میں بانٹ رہے ہیں۔ تو دوسری طرف خودکش حملہ آور کسی ایک مخصوص ہدف کو حاصل کرنے کیلئے کئی بے گناہوں کی جانیں لے لیتے ہیں کیا ان کا ضمیر انہیں ذرا بھی ملامت نہیں کرتا۔ کیا ان کی روح کو سکون ملتا ہوگا؟

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

کہتے ہیں کہ قیامت آئے گی کیا وہ اس موجودہ قیامت سے بھیانک ہوگی جس میں لوگ کیڑے مکوڑوں کی طرح مر رہے ہیں سب بے حس ہیں۔ سب زندہ لاشیں ہیں۔ اگر قیامت نے آنا ہے تو ابھی آجائے تاکہ اسے بچے پیدا ہی نہ ہوں جو اپنے ماں باپ کے ہاتھوں مارے جائیں۔ نہ کوئی خودکش حملے ہوں گے۔ نہ کوئی نوجوان بے روزگاری سے تنگ آکر اپنی زندگی کا خاتمہ کرے۔ جہاں ایک جانور کے مارنے کیلئے لوگ ہچکچاتے ہیں۔ لیکن آدمی کے جان لینے میں انہیں سکون ملتا ہے۔ جہاں انسانی زندگی کی قیمت ایک جانور سے کم ہے۔

.....☆☆☆.....

دل ہے کیا طفل کہ خوشبو کو بھی چھونا چاہے
چاند مٹھی میں کب آتا ہے مچل جانے سے
رات باقی ہے ، ابھی اور سفر، اور سفر
دن نکلتا نہیں ، اک شمع کے جل جانے سے

☆☆☆☆

پارساؤں نے بڑے ظرف کا اظہار کیا
ہم سے پی اور ہمیں رسوا سرِ بازار کیا
سنگساری میں تو وہ ہاتھ بھی اٹھا تھا عطاؔ
جس نے معصوم کہا جس نے گنہگار کیا

عطاشاد

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

کھجور

ڈاکٹر حمید بلوچ کی کتاب ''مکران'' سے

انتخاب از: نصیر شوہاز (بی ایس سی)

کھجور کو بلوچی میں ''ناہ'' کہتے ہیں جبکہ اس کا باٹینکل نام Phoenix Doictylofera کہتے ہیں۔اس کے درخت کو بلوچی میں ''مچ'' کہتے ہیں۔کھجور کے نر اور مادہ درخت ہوتے ہیں۔ مارچ کے مہینے جب نر درخت کے پھول جسے بلوچی میں ''گُش'' (GUSH) کہتے ہیں۔ان کو کاٹ کر مادہ درخت کو دیا جاتا ہے۔اس طرح ان کو پولی نیشن کا عمل ہوتا ہے۔ کھجور کے موسم کو بلوچی میں ''آمین (Aamain) کہتے ہیں۔اور یہ موسم جون سے دسمبر تک رہتا ہے۔

کھجور کے پھل کے چار حصے ہوتے ہیں۔اس کے ناپختہ پھل کو ''پپک'' اور اس کے بعد یہ ''رنگ'' ہوتا ہے۔ پختہ پھل کو ''کلونٹ'' اور زیادہ پختہ ہو ''ناہ'' کہتے ہیں۔جبکہ کلونٹ اور ناہ کے درمیانی کیفیت کو ''در پیانچ'' کہتے ہیں۔کھجور کا لمبائی بارہ سے تیس میٹر تک جا پہنچتی ہے۔

مکران میں 107 سے زیادہ اقسام پائے جاتے ہیں ان میں کچھ یہ ہیں:

1. آپ دندان (Aspdandan)
2. بیگم جنگی (Bygamjuangi)

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

3. چپ شک (Chapshuk)

4. مُزاتی (Muzatee)

5. ڈنڈاری (Dandari)

6. گواری (Goari)

7. پش پاگ (Pash-pag)

8. شکاری (Shakari)

9. دشتاری (Dishtari)

10. روگنی (Rogini)

11. مسودی (Masudi)

12. گونزلی (Gonzali)

13. پیش ناہ (Pesh-nah)

14. پل (Pull)

15. گوگ ناہ (Gog-nah)

.....☆☆☆.....

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

بلوچ قومی ہیرو اور عظیم جرنیل چاکر اعظم

انتخاب: خلیل مراد (بی۔اے تھرڈ ایئر)

ہر قوم کی ایک قومی نفسیات اور ایک قومی تاریخ ہوتی ہے۔ اور ہر قوم کا ایک کلاسک ہیرو ہوتا ہے قوموں کی ایسی شخصیت دیوتاؤں کی حیثیت حاصل کر لیتی ہیں جن کے کردار اور عظمت کو وقت کی گرد دھندلا نہیں سکتی ہے یوں تو ہر دور میں بلوچ قوم میں عظیم شخصیات جنم لیتی رہی ہیں مگر بلوچ تاریخ میں جو شہرت چاکر اعظم نے حاصل کی اس کی مثال نہیں ملتی میر چاکر رند کی بہادری مہمان نوازی سخاوت فہم و فراست تدبّر عظمت اور دیگر خوبیوں نے اسے چاکر اعظم کے لقب سے نواز۔ ست گھرہ اس عظیم ہستی کی آخری آرام گاہ ہے۔ پندرہویں صدی میں کولواہ رندوں کی جگہ اور کیچ ان کا مرکز تھا میر شیہک رند نے کئی شادیاں کیں لیکن ان کے ہاں، کوئی اولاد نہیں ہوئی آخر کار انہوں 1452 میں تقریباً پچاس برس کی عمر میں ایک اور شادی کی۔ اس کے ہاں دو بیٹے اور دو بیٹیاں پیدا ہوئی لیکن ان میں سے مائی بانڑی اور چاکر رند نے بہت شہرت حاصل کر لی۔ میر شیہک رند نے عربوں کی رسم و رواج کے طور کے مطابق ایک تلوار نومولود بیٹے کے سرہانے رکھ دی اور اس کی ناف کاٹ کر اپنی تیز رفتار گھوڑے کے کان میں باندھ دی اور اللہ سے دعا کی اس بچہ کو ایک ممتاز تیغ زن اور نامور شہسوار کا اعزاز بخشے۔ اس طرح اللہ نے یہ سب بخش دیئے۔

1474 میں میر شیہک نے اپنی باہمی مشورے کے بعد پگڑی اتار کر اپنے بیٹے چاکر رند کے سر پر رکھ دی میر چاکر بہت عقل مند اور ہوشیار تھا اس لئے اس نے اپنی اقتدار اور شہرت بڑھانے کیلئے مکران اور بلوچستان سے نکل کر سطح مرتفع، قلات،

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

کچھی، سبّی سے ملتان اور دہلی تک پہنچادیا۔ چاکر کے دور کو بلوچ تاریخ میں ایک گولڈن اور بڑے دور کی وجہ سے یاد کیا جاتا ہے چاکر رند بلوچ قوم کو منظم دیکھنا چاہتے تھے لیکن بدقسمتی سے رندوں اور لاشاروں کی جنگ چھڑی۔ میں یہاں یہ بتاتا چلوں کہ رندوں اور لاشاروں کی جنگ اسی بنا پر ہوئی جب کیچ کے ناکافی وسائل کی وجہ سے دونوں قبائل نے نقل مکانی کی۔ یہاں سے کولواہ، آواران، سوراب سے قلات تک چلے گئے۔ تو اس وقت میر شیہک کی سربراہی تھی۔ تو وہاں زمینوں کی تقسیم کی وجہ سے زرخیز زمین لاشاریوں کے قبضہ میں آئی اور رندوں کو زرخیز زمین نہ ملی تو یہیں سے دونوں قبائل کی ناراضگی شروع ہوئی جب میر شیہک نے اپنی سربراہی چاکر کو دی تو لاشاریوں نے اپنا سربراہ گہرام کو بنایا تو یہاں سے اور تضاد بڑھ گئے۔ گہرام اور چاکر رند کے دور میں سبی میں ایک میلے پر ریحان رند اور میر رامین کے درمیان ایک مقابلہ ہوا جس کے نتیجہ برابر ہونے کی وجہ سے دونوں میں ٹھن گئی اور لاشاریوں نے واپس جاتے ہوئے ایک گوہر نامی خاتون کی اونٹنیوں کو نقصان پہچایا۔ تو چاکر رند اس عمل کو اپنے اوپر حملہ سمجھتا ہے کیونکہ گوہر، چاکر کی امان میں تھی یہاں سے بلوچ تاریخ میں پہلی قبائلی جنگ کا آغاز ہوا۔ جو تیس (30) سالہ جنگ سے یاد کیا جاتا ہے۔

کچھی اور سبی کی زمین گھوڑوں کی ٹاپوں سے اڑنے والی گرد اور بلوچوں کے بہنے والے خون سے غیر دلکش اور ویران ہوگئی۔ اس وجہ سے 1512ء میں میر چاکر خان رند نے پنجاب کا رخ کیا اور سبی سے پنجاب میں داخل ہوا۔ سبی کی تباہی و بربادی اور آپس کی قتل و غارت گری نے اندر سے میر چاکر کو انتہائی رنجیدہ اور دکھی کر دیا جس کی توجیح میر چاکر نے یوں کی:

''سیوی تو گھوڑوں کی ٹاپوں سے اڑنے والی گرد میں ڈوبا ہے
ساتھ سو سجیلے رند جوان جو ایک ادا سے پگڑیاں باندھتے تھے

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

جو ایسے مشاق شہسوار تھے کہ بغیر لگامیں تھامے گھوڑے دوڑاتے تھے

ان میں سے کوئی باقی نہ رہا

سب کو تیز دھار والی ہندی تلواروں نے کاٹ لیا

یہ سب کچھ منحوس گوہر کی وجہ سے ہوا''

میر چاکر رند ملتان کے لنگاہ فرمانروا کے علاقے میں داخل ہو گیا۔ ملتان میں اسکے بیٹے میرن خان رند کی شیر شاہ سوری کے جرنیل ہیبت خان سے مڈبھیڑ ہوئی جس میں میرن خان مارا گیا اس کی قبر ملتان کی پیر خورشید کالونی کے قبرستان میں واقع ہے۔ میر چاکر انتقام لینے کی خاطر ملتان پہنچا اور اپنے بیٹے کے قاتل ہیبت خان کو قتل کر کے اپنے سینے کو ٹھنڈا کیا اسی اثناء میں اس نے 962 ہجری کے مطابق 1555ء میں ہمایوں کو دہلی کا تخت دلایا۔ شیر شاہ نے 1539ء میں ہمایوں کو شکست دی تھی۔ جب ہمایوں شکست کھا کر مختلف علاقوں میں چھپا پھر رہا تھا۔ اوکاڑہ کے قریب اس کا ذخیرہ خوراک ختم ہو گیا اس نے میر چاکر کے امیر بخشو بلوچ سے مدد طلب کی ہمایوں کی بہن گلبدن بیگم نے ''ہمایوں نامہ'' میں اس کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا ہے'' کہ بخشو بلوچ نے 100 کشتیاں گندم خوراک کی ہمایوں کیلئے دیں''۔ میر چاکر رند نے شیر شاہ سوری سے شکست خوردہ ہمایوں کی مدد کر کے اسے دوبارہ دہلی کی تخت پر بھی بٹھانے میں بھرپور کردار ادا کیا لانگ ورتھ ڈیمز بلوچوں کی ''مقبول عام شاعری'' نامی کتاب میں لکھتا ہے کہ ''بھوری رنگ والی گھوڑیوں کے شہسواروں کی بندوقوں کی فائرنگ سے جنگ کا آغاز ہوا ساعت بھر کی تاخیر نہیں ہوئی اس لمحے میں پانی خون میں تبدیل ہونے لگا بائیں جانب کی فوجیں پسپا ہوری تھیں تمام شیخی بگھارنے والے میر عالی بلیدی بھاگ کھڑے ہوئے اور چاکر رند کو تنہا چھوڑ دیا۔ دہلی کے بہادر ترک میدان کارزار پر چھا گئے ادھر میر چاکر کی بہن مائی بانڑی میدان کارزار میں ڈٹ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

گئی یہ دیکھ کر بہادر رندوں نے یلغار کر کے ہلہ بول دیا دہلی کے غضب ناک ترکوں نے پیٹھ دکھائی اصل گھوڑیون کے سوار رند تلوار کے جوہر دکھا کر سرفراز ہوئے دہلی کے ترکوں نے فرار میں پناہ لی اور کوہستان کے بلوچوں کے سامنے شرمسار ہو گئے۔''

دہلی فتح کرنے کے بعد فوراً چاکر اعظم کی موت واقع ہوئی۔ جو اس وقت ست گھرہ میں مدفون ہیں اور اس میں میر چاکر خان رند، ان کی اہلیہ کے ساتھ سات قبریں جن میں دو کمسن بچوں کے ہیں۔ ساتھ گھرانوں کی وجہ سے یہ ست گھرہ یعنی سات گھروں والا مشہور ہوا۔

.....☆☆☆.....

افسانچہ

عارف اعظم (بی۔اے)

جب میں بازار سے واپس گھر آیا تو دیکھا کہ اس کی لاش میری آنکھوں کے سامنے پڑی ہے۔ یہ دیکھ کر میری آنکھوں سے آنسوں بہہ گئے۔

میں نے کہا کہ اتنی بڑی بے وفائی میں آپ کو کھلاتا پلاتا، آپ کے پاس بیٹھا کرتا اور کسی چیز کی کمی محسوس نہیں ہونے دیتا تھا۔

پھر بھی آپ مجھے چھوڑ کر چلے گئے کیوں؟

آج آپ کی لاش میری آنکھوں کے سامنے پڑی ہے۔

کاش! میری پیاری بکری نہ مری ہوتی، اب تو ایک بوند دودھ کے لئے ترستا رہوں گا۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

کھجور: چھوٹا دانہ، صحت کا خزانہ

انتخاب: حاتم مراد (بی۔اے فائنل)

کسی نے کیا خوب کہا ہے کہ اگر ہمیں شہد مفت مل جائے تو ہمیں کڑوا لگتا ہے اگر ہم قہوہ پیسے سے لیں تو وہ ہمیں شکر سے زیادہ میٹھا لگتا ہے اس کا مطلب یہ ہوا کہ ہم مفت ہاتھ لگنے والی چیزوں کو زیادہ اہمیت نہیں دیتے جتنی کہ ہم اپنے پیسے سے لینے والی چیزوں کو دیتے ہیں۔

اسی طرح کوئی ہمارے سامنے خشک میووں بادام، اخروٹ، پستہ وغیرہ کا نام لے تو منہ میں پانی بھر آتا ہے کیونکہ یہ چیزیں ہماری پہنچ سے دور ہیں۔ان میووں کو لینے کیلئے زیادہ پیسوں کی ضرورت ہوتی ہے کیا ہم نے یہ غور کیا ہے کہ ہمارے پاس ایک صحت کا خزانہ موجود ہے جو کھجور کی شکل میں ہے۔لیکن ہم اس کی طرف کوئی توجہ نہیں دے رہے کیونکہ کھجور ہمیں مفت میں مل رہی ہے۔ دوسرے میووں کیلئے پیسوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

کھجور توانائی کا ایک ایسا خزانہ ہے جسے مل جائے اس کی صحت بن جاتی ہے لیکن بدقسمتی سے ہم اس پر کوئی توجہ نہیں دے رہے۔

آج میں آپ کو کھجور کے کچھ فوائد بتانا چاہتا ہوں جو صحت کیلئے بہت مفید ہیں ان کے بغیر ہم صحت مند نہیں رہ سکتے۔

ماہِ رمضان المبارک کے دوران روزہ دار عموماً کھجور سے روزہ کھولنا پسند

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

کرتے ہیں کیونکہ اس طرح ایک سنت نبویؐ پر عمل کا ثواب بھی ہمیں حاصل ہوتا ہے تا ہم ثواب کے علاوہ کھجور کے طبی فوائد بھی ہیں اس سلسلے میں مغربی دنیا میں جو ریسرچ کی گئی ہے اس میں کھجور کو صحت کیلئے انتہائی مفید قرار دیا گیا۔ امریکن کینسر سوسائٹی کی سفارش کے مطابق بالغ افراد کو اپنی صحت برقرار رکھنے کیلئے یومیہ 20 سے 35 گرام غذائی ریشے استعمال کرنے چاہئیں یعنی وہ غذائیں استعمال کرنی چاہیں جن سے مطلوبہ مقدار میں فائبر یا ریشے حاصل ہوسکیں اس حوالے سے کھجور غذائی ریشے کے حصول کا بہترین ذریعہ ہیں۔ پنسلوانیا کی اسکرانٹن یونیورسٹی کے ریسرچرز کے مطابق تمام خشک میووں میں سب سے زیادہ پولی فینونز کھجور میں ہوتے ہیں اس ریسرچ سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ خشک پھلوں کو ہماری غذا کا ایک اہم حصہ ہونا چاہیے کیونکہ ان میں پولی فینول انٹی آکیڈنٹس اور دیگر غذائیت بخش اجزا مثلاً فائبر کی بہتات ہوتی ہے ایک وقت میں مناسب مقدار میں کھائی جانے والی کھجوروں میں 31 گرام کاربوہائیڈریٹس شامل ہوتے ہیں اس طرح آپ اس خشک میوے کو توانائی کا خزانہ قرار دے سکتے ہیں۔ ان کاربوہائیڈریٹس میں 3 گرام غذائی ریشے اور 29 گرام قدرتی طور پر حاصل ہونے والی مٹھاس مثلاً فرکٹوز، گلوکوز اور شکر شامل ہوتے ہیں کھجور کھاتے ہی جسم تیزی کے ساتھ انہیں ہضم کرنے کی کوشش کرتا ہے جس سے ہمیں توانائی حاصل ہوتی ہے اس طرح دیکھا جائے تو افطار کے وقت یا سحری میں کھجور کا استعمال فوری توانائی کے حصول کا اہم ذریعہ بن سکتا ہے۔

کھجور قدرتی طور پر ایک اور اہم معدن پوٹاشیم کے حصول کا بھی بہترین ذریعہ ہیں۔ پوٹاشیم ہمارے جسم کیلئے کتنی اہمیت کا حامل ہے اس کا اندازہ اس بات سے کریں کہ پٹھوں کی لچک یا ان کے سکڑنے اور پھیلنے کے عمل میں اس معدن سے بہت

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

مدد ملتی ہے اور اس کی کمی ہو جائے تو دل کے پھٹے بھی مناسب انداز میں اپنا فریضہ انجام دینے کے قابل نہیں رہتے جسم کے اعصابی نظام کو صحت مند رکھنے کیلئے بھی پوٹاشیم کی بے حد ضرورت ہوتی ہے۔ طبی ماہرین کا یہ کہنا ہے کہ اگر ہمارے جسم کو 400 ملی گرام پوٹاشیم اضافی طور پر ملتا رہے تو اس سے فالج کا خطرہ 40 فیصد کم ہو سکتا ہے جس کو پوٹاشیم کی یہ اضافی مقدار ایک وقت مناسب مقدار کھجور کھا کر فراہم کی جا سکتی ہے۔

کھجور میں وٹامن بی کمپلکس کی مختلف قسمیں بھی موجود ہوتی ہیں جو جسم کو صحت مند رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں ان وٹامن کی مدد سے جسم کاربوہائیڈریٹس ہضم کرنے، خون میں شکر کی سطح معمول پر رکھنے اور فیٹی ریڈز کو توانائی میں تبدیل کرنے کے قابل ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ ان وٹامنز سے خون کے سرخ اور سفید خلیات ہیمو گلوبن بھی تشکیل پاتے ہیں۔ کھجور میں کیلشیم اور میگنیشم بھی ہوتے ہیں جو ہڈیوں کی صحت بخش اور افزائش کیلئے ضروری سمجھے جاتے ہیں۔ کھجور میں ایک اہم معدن آئرن بھی ہوتا ہے جو خون کے سرخ خلیات کی پیداوار کے لئے ضروری گردانا جاتا ہے۔ یہ خون کے سرخ خلیات ہی ہوتے ہیں جو جسم کے تمام خلیات تک غذائیت پہنچاتے ہیں۔

کھجور جیسی قدرتی غذا کی ایک اور سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ یہ چکنائی اور کولیسٹرول سے پاک ہوتی ہے۔

سائنسی جائزوں سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ حاملہ اور بچوں کو اپنا دودھ پلانے والی خواتین کو کھجور سے بہت فائدہ ہوتا ہے کھجور میں بعض مخصوص تحریک پیدا کرنے والے اجزا (Stimulats) شامل ہوتے ہیں جن سے رحم کے پھٹے مضبوط ہوتے ہیں اور بچے کی ولادت میں آسانی ہوتی ہے چونکہ اس خشک میوے میں شکر کی مقدار تقریباً 80 فیصد ہوتی ہے۔ اس لئے دودھ پلانی والی خواتین کی فوری توانائی کی بحالی میں اس سے مدد ملتی ہے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

کھجور میں سات وٹامنز اور گیارہ معدنیات ہوتے ہیں جن کی وجہ سے ریگستان میں رہائش پزیر خانہ بدوشوں اور بدوؤں کی غذائی ضرورت کا بڑا حصہ ہزاروں سالوں سے یہ خشک میوہ کھجور پورا کرتا آرہا ہے۔ یہ لوگ عموماً بکری یا اونٹنی کے دودھ کے ساتھ کھجور استعمال کرتے تھے جس سے ان کی طاقت اور توانائی بحال رہتی تھی۔

کھجور کو سانس کے امراض، دل کی بیماری، خون کی کمی کے مرض اینمیا، الرجی اور قبض دور کرنے میں بھی مفید پایا گیا ہے۔

عرب بدو چونکہ باقاعدگی کے ساتھ کھجور استعمال کرتے ہیں۔ اس لئے ان میں کینسر اور دل کی بیماریاں کم دیکھنے میں آتی ہیں دل کو طاقتور اور توانا بنانے میں بھی کھجور اہم کردار ادا کرتا ہے۔

اگر کھجور کو رات بھر پانی میں بھگو کر رکھا جائے اور صبح کے وقت بیج الگ کر کے اسی پانی میں اسے پیس کر پی جائے ہفتے میں کم از کم دو بار اس شربت کے استعمال سے دل کو تقویت ملے گی۔

پیارے دوستو! دیکھا کھجور کا کمال اس سال خوب کھجور کھائیں اور اپنے بیش قیمت زندگی کو بیماریوں سے بچائیں۔ کیونکہ

" First wealth is health "

.....☆☆☆.....

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

محبت، دوستی، خواب اور مسکراہٹ

انتخاب: جلیل یار محمد سیکنڈ ایئر (میڈیکل)

محبت: انسانیت کی معرج محبت ہے۔ محبت ایک فطری جذبہ ہے۔ جو رنگ و نسل کی قید میں نہیں۔ یہ جذبہ نیلے سمندروں اور آسمانوں میں اڑاتی ہوئی فاختاؤں کی طرح معصوم اور ہمہ گیر ہے۔ محبت عطیہ خداوندی ہے۔ ہر انسان کو اس کا احساس تو ہوتا ہے مگر شدت سے نہیں جب کوئی شدت سے اسے محسوس کرنے لگتا ہے۔ تو اپنی زندگی کا نصب العین بنا کر اپنا سب کچھ اسی پر قربان کر دیتا ہے۔ جو محبت، خلوص اور سچائی پر مبنی ہو اس کو ٹھکرانے والا گویا ایسا ہے۔ جیسے اس نے گھر آئی دولت کو واپس کر دیا ہو۔

یہ ضروری تو نہیں کہ ہم محبتوں کو پرندوں کی طرح سنہری پنجروں میں قید کر کے رکھیں۔ وہ قید ہو بھی نہیں سکتیں۔ رہنا ہوگا تو پرواز کی تمام تر صلاحیتوں کے باوجود کہیں اور نہیں جائیں گے۔ اور نہیں رہنا ہوگا تو مضبوط سے مضبوط پنجرہ بھی کمزور ثابت ہوگا۔

وہ محبت ہی کیا جس میں ہمارے محسوسات مختلف سمت میں رواں ہوں۔ جب تک ہم اپنی اپنی مسندوں میں اتر کر محبوب کے قدموں کو چھو نہ لیں تب تک کیسے جان سکتے ہیں کہ دھتکارے جائیں گے یا اپنا لئے جائیں گے۔

دوستی: دوستی ایک ایسا نایاب پھول ہے۔ جو ایک دفعہ مرجھائے تو پھر کبھی نہیں کھلتا۔ اس لئے اس کی آبیاری کرتے رہنا چاہیے دوستی وہ کنول ہے جو خلوص کی جھیل میں کھلتا ہے۔ اسے تیز دھوپ اور سرد ہوا کے جھونکوں سے بچانا چاہیے دوستوں کی مشکل میں کام اور ان کی مدد کرنا ہی سچی دوستی ہے لیکن اچھے اور سچے دوست بہت مشکل سے ملتے ہیں۔ اگر مل جائیں تو انہیں چھوڑنا نہیں چاہیے ان کے مشکل وقت

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

میں کام آنا چاہیے۔ دوستی کو مثالی بنانے کی کوشش کرنی چاہیے۔ تاکہ مرنے کے بعد بھی اس دوستی کو یاد رکھا جائے۔ دوستی میں قربانی دینے سے دریغ نہیں کرنا چاہیے۔ دوستی کی بنیاد وفا پر ہونی چاہیے۔

خواب: خواب حقیقت کا روپ کبھی نہیں دھارتے۔ خواب ہمیشہ خواب رہتے ہیں۔ خواب دیکھ کر ہم ان میں حقیقت کا روپ بھرنا چاہتے ہیں۔ لیکن ایسا ہو نہیں سکتا کیونکہ جو ہماری تقدیر میں لکھ دیا گیا ہے۔ ہمیں وہی ملے گا۔ پھر ہم ان خوابوں کو کیوں حقیقت تصور کریں۔ یہ خواب ہی ہوتے ہیں۔ جو ہمیں ٹوٹنے اور جھکنے پر مجبور کر دیتے ہیں۔ خواب دیکھنے والے لوگ ہمیشہ خوابوں کی دنیا میں رہتے ہیں اور اپنے لئے کچھ نہیں کرتے۔ وہ سمجھتے ہیں خواب ہی اصل زندگی ہے لیکن خوابوں کی دنیا میں رہنے والے لوگ اس دن بہت پچھتاتے ہیں جب ان کے خواب ٹوٹتے ہیں تب وہ خوابوں کی دنیا سے باہر نکل آتے ہیں لیکن پچھتاوا ان کا مقدر بن چکا ہوتا ہے۔ وہ اصل زندگی میں جینے کی بہت کوشش کرتے ہیں۔ لیکن کامیاب نہیں ہوتے اور پھر وہ زندگی کی حقیتوں پر یقین تو رکھتے ہیں۔ لیکن اسے قبول نہیں کرتے اور مایوسی، اداسی اور تنہائیوں کا شکار ہو کر رہ جاتے ہیں۔ انہیں دنیا بے رنگ لگتی ہے۔ اور یہ سب کچھ خوابوں کے ٹوٹنے کی وجہ سے ہوتا ہے۔

مسکراہٹ: کتنی عجیب بات ہے کہ دنیا میں سب سے سستی اور اچھی چیز مسکراہٹ ہے یہ مسکراہٹ کسی بھی وقت کسی کو دے سکتے ہیں لیکن نہیں دیتے۔ مگر جب غرض یا کوئی مفاد ہو تو مسکراتے ہیں۔ ورنہ منہ پھیر کر گزر جاتے ہیں۔ اب تو انسان کی مسکراہٹ ڈالر سے بھی مہنگی ہے اگر نہ ہوتی تو مونالیزا کی مسکراہٹ کو ایک عجائب گھر سے چرا کر دوسرے عجائب گھر تک نہ پہنچایا جاتا۔

.....☆☆☆.....

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

ہاسٹل کی زندگی

عبداللہ اسد (ایف۔اے سیکنڈ ایئر)

ہاسٹل کی زندگی ایک خوشحال زندگی ہے یہاں طلبہ اپنی تعلیم و تربیت پر زیادہ توجہ دیتے ہیں وہ روزانہ کلاسیں باقاعدگی کے ساتھ لیتے ہیں وہ اپنے تمام کام خود کرتے ہیں۔ مثلاً کپڑے دھونا، کھانا پکانا وغیرہ۔ دور دراز سے یہاں طلبہ آتے ہیں اور ایک دوسرے سے آشنا ہوتے ہیں جس سے دوستی پیدا ہوتی ہے۔ وہ روزانہ لینگویج سینٹر جاتے ہیں۔ رات بھر مطالعہ کرتے رہتے ہیں اور شام کے وقت بلوچستان اکیڈمی اور لائبریری میں جاتے ہیں۔ وہاں مختلف کتابیں پڑھتے ہیں۔ وہاں طلبہ اپنی کتابوں کو خاموشی سے پڑھتے ہیں اتوار کے دن طلبہ مختلف کھیل کھیلتے ہیں۔ ہاسٹل میں جب کوئی مسائل درپیش ہوتی ہے تو تمام طلبہ بیٹھ کر مسائل کو حل کرتے ہیں۔ جب طلبہ ہاسٹل میں رہتے ہیں۔ تو وہ تعلیم کی قدر و منزلت اچھی طرح جانتے ہیں پڑھتے وقت کوئی بھی دشواری ہو گی تو دوستوں سے پوچھ لیتے ہیں۔ پروفیسر صاحبان اور طالب علموں کے درمیان اچھے تعلقات پیدا ہوتے ہیں۔ ہاسٹل میں ایک علمی فضا ہے ہاسٹل کے طلبہ دوسرے طالب علموں سے زیادہ محنت کرتے ہیں۔ ہاسٹل کے بہت سے کمرے ہوتے ہیں۔ اور ہر کمرہ پانچ پانچ طلبہ پر مشتمل ہے۔ جب طلبہ ہاسٹل سے فارغ ہوتے ہیں تو ہر وقت اس کی یاد آتی ہے کچھ ان پڑھ والدین ایسے ہوتے ہیں کہ وہ بیٹے کو ہاسٹل جانے میں منع کرتے ہیں کہ تم ہاسٹل میں جاتے ہو تو وہاں مختلف تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو ہمیں یہ برداشت نہیں بہتر یہ ہے تم ہمارے کسی رشتہ دار کے گھر رہائش اختیار کرو۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

کالج کے تین ہاسٹل ہیں جن میں تین سو سے زیادہ طالب علم رہتے ہیں یہ تمام ضلع کیچ کے مختلف مقامات سے آئے ہوئے ہوتے ہیں۔اور موجودہ وقت میں ہاسٹل میں علمی ماحول بن گیا ہے۔ طالب علم شام کے وقت انگلش لینگویج سنٹروں میں پڑھنے کے لئے جاتے ہیں جن سے وہ بھرپور مستفید ہوتے ہیں۔آج کل مقابلے کا دور ہے اور تمام طلباء بخوبی جانتے ہیں۔کہ آج اگر وقت کے ساتھ ساتھ نہ چلیں تو پیچھے رہ جائیں گے۔بعض نادان طالب علم اپنے والدین کے پیسے اور اپنا قیمتی وقت ضائع کر کے پڑھنے کے بجائے آوارگی کو اپناتے ہیں۔لیکن موجودہ دور میں علم کی اہمیت کو ہر کوئی جانتا ہے۔اس لئے پڑھنے کے سوا اور کوئی راستہ نہیں۔ آخر میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ گھر کی نسبت یہاں بہتر تعلیمی ماحول پایا جاتا ہے۔اور پڑھنے کے مواقع بہت زیادہ ہیں۔

تم بھی اپنی زلفوں کا سائبان لے جانا
دھوپ کا مسافر تو دن گزار آیا ہے
یاد ہے ابھی تازہ، گھر کے راکھ ہونے کی
ظلمتوں کا سوداگر، پھر چراغ لایا ہے۔

عطا دشاد

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

استاد کی عظمت

مصدق یعقوب (سیکنڈ ایئر)

ہمارے معاشرے میں استاد کی کتنی عزت ہے؟ اور ہم اس کو کتنی عزت رہے ہیں۔ استاد کسی بھی معاشرے میں ریڈھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ اگر ہم استاد کی عزت کو مذہب کے لحاظ سے دیکھیں تو دنیا کے تمام مذاہب بھی ہمیں یہی علم سکھاتے ہیں۔

اسلام کے مطابق استاد کی عزت کرنا لازمی ہے کیونکہ استاد شاگرد کا روحانی باپ بھی ہوتا ہے اور معاشرے کی اصلاح کرنے والا بھی اور شاگرد کے مستقبل کا روشن کرنے کا ذریعہ بھی وہی ہوتا ہے۔ جیسا کہ ایک ڈھانچہ کے اندر روح نہ ہو تو یقیناً وہ ناکارہ ہوتا ہے۔ اسی طرح کسی بھی معاشرے میں اگر بہترین استاد نہ ہوں تو اس معاشرے کی حیثیت بے روح ڈھانچہ کی سی ہوگی۔ استاد وہ ہے جو معاشرے کے حیوانون کو انسان میں تبدیل کرتے ہیں کیونکہ انسان بنیادی صورت میں حیوان ہے جیسا کہ ''ارسطو'' کہتے ہیں کہ ''انسان معاشرتی حیوان ہے۔'' جب آدمی علم حاصل کرتا ہے تو اس کے اندر صلاحیتیں پیدا ہوتی ہیں تب وہ انسان کہلایا جاتا ہے۔ اور اگر کسی کے اندر علم نہ ہو تو اس کو انسان تصور نہیں کرنا چاہے

بے علم اپنے اللہ کو بھی نہیں پہنچانتے ہیں۔ بغیر علم کے وہ حیوان کی مانند ہے اور حیوان کو کسی کی بھی پہنچان نہیں ہوتی۔ کسی معاشرے میں اگر اچھے استاد نہ ہوں تو اس معاشرے میں اچھے طلباء کا نکلنا ناممکن ہے۔ ہم غیر مند ہوں کی معاشروں کو

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

دیکھیں کہ وہ استاد کی کتنی عزت کر رہے ہیں چاہیے وہ کافر ہوں یا غیر مذہب لیکن ان کے سامنے بہت بڑا مقام استاد کا ہے اور اسی طرح اگر ہم ''برطانیہ'' کی مثال لے لیں اگر وہاں ملکہ کے سامنے ملاقاتیوں کی فہرست رکھی جائے تو وہ ملاقات کیلئے وزیر اعظم پر ایک معمولی پروفیسر کو ترجیح دیں گی اور یقیناً پروفیسر سے ملنا پسند کرینگی۔ اور اسی طرح ''سویڈن'' بس یا ٹرین میں سفر کے دوران میں کسی بڑی شخصیت کیلئے نشست خالی نہیں کی جاتی۔ مگر ایک استاد کیلئے اپنی نشت کو خالی نہ کرنا غیر اخلاقی حرکت سمجھا جاتا ہے۔ اور اسی طرح ''جاپان'' میں استاد کی گرفتاری مقصود ہو تو پولیس کو استاد کی گرفتاری سے قبل حکومت سے خصوصی اجازت لینی پڑتی ہے۔ جبکہ کوریا میں اگر کوئی استاد اپنے کارڈ دکھادے تو وہ ہر قسم کی خریداری کر سکتا ہے تمام یورپی ممالک اساتذہ کی بہت عزت کرتے ہیں۔

نسیم انور بیگ اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ فرانسیسی عدالتوں میں یونیورسٹی اور کالجز کے لیکچرار اور عام اسکول میں پڑھانے والے اساتذہ کے علاوہ کسی اور کو کرسی پیش نہیں کی جاتی یہ اعزاز صرف درس و تدریس سے منسلک افراد کو حاصل ہے کیونکہ عدالت میں کھڑے رہنے کو ان کی توہین سمجھا جاتا ہے۔

اور اسی طرح امریکہ میں تین قسم کے لوگوں کو وی آئی پی لسٹ پیش کرتے ہیں۔ ان میں سائنسدان، اساتذہ، اور معاشرے کی معذور افراد شامل ہیں۔ ان تینوں لوگوں کا استقبال سرکاری و نجی اداروں کے سربراہاں مرکزی دروازے پر آکر کرتے ہیں۔ ان لوگوں کیلئے اپنی نشستیں خالی کرتے ہیں۔ تمام ترقی یافتہ ممالک اساتذہ کو تمام تر سرکاری و انتظامی افسران اور عوامی نمائندوں سے زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔ اسی طرح اسلام میں بھی استاد کو بڑی اہمیت کا مقام حاصل ہے۔ رسول اکرمؐ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

فرماتے ہیں استاد کی مثال باپ کی ہے۔ایک دوسری جگہ ارشاد فرماتے ہیں۔''مجھے معلم بنا کر اس دنیا میں بھیجا گیا ہے تا کہ لوگوں کی اصلاح کروں'' سورۃ البقرہ میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے'' جسے حکمت دی گئی یقیناً خیر کثیر عطا کی گئی۔'' پس خیر کثیر اور حکمت کے حصول کیلئے استاد کی ہستی ضروری ہے۔اسی وجہ سے استاد کی عزت ادب واحترام اور طلبہ کی خاموشی وتوجہ ضروری ہے۔ایک اور حدیث ہے جس سے علم سیکھو اس کی عزت کرو یعنی استاد کی عزت کرو اور رسولؐ فرماتے ہیں کہ تمہارے تین باپ ہیں ایک وہ جو تمہیں عدم سے وجود میں لایا، دوسرا وہ جو تجھے اپنی بیٹی دی اور تیسرا وہ جس نے تجھے علم کی دولت سے مالا مال کیا حضرت علیؓ کا فرمان ہے۔جس نے مجھے ایک لفظ سکھایا یعنی اس نے مجھے اپنا غلام بنا لیا۔اور حدیث وقرآن کے باوجود ہمارے معاشرے میں استاد کو وہ قدر ومنزلت حاصل نہیں۔جس کا وہ مستحق ہیں۔

علم کی اہمیت کو نہ سمجھنے والے علم کی روشنی پھیلانے والے کی قدر منزلت،اور مقام جانتے نہیں ہیں۔اس کی بڑی وجہ سیاسی طور پر یا سفارشی طور پر بھرتی ہونے والے،نا اہل افراد کو محکمہ تعلیم میں''اساتذہ'' جیسے پروقار رتبے پر غلط طریقے سے تعنیات کیا جاتا ہے۔اسی لئے تو اچھے استادوں کی عزت ووقار بھی چھین لئے گئے ہیں۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

حُسن

عاقل باباد شتی (ایف۔اے سیکنڈ ایئر)

ایک شاعر نے کہا کہ ہمیں حُسن کے متعلق کچھ بتا۔اور اس نے جواب دیا:

تم حسن کو کہاں تلاش کرو گے اور اسے کیسے پاؤ گے جب تک کہ وہ خود تمہارا راستہ نہ بن جائے اور تمہاری راہنمائی نہ کرے۔تم حسن کے متعلق کیا کہہ سکتے ہو جب تک کہ وہ خود تمہاری گفتگو کی بنیاد نہ رکھے۔

''مظلوم اور مجروح لوگ کہتے ہیں کہ حُسن مہربان اور نرم خو ہے۔'' اپنی مامتا کی شان اور عظمت کے ساتھ پہلے ماں بننے والی شرماتی لجاتی نوجوان عورت کی طرح حسن ہمارے درمیان سے گزرتا ہے۔اور پر جوش لوگ کہتے ہیں کہ ''نہیں'' حسن جلال و جبروت کا نام ہے وہ ایک زبردست طوفان کی طرح ہے جس سے زمین اور آسمان کانپ اٹھتے ہیں۔

اس کے مقابلے میں تھکے ہارے لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ''حسن تو ایک ایسی نرم و نازک سرگوشی ہے جو ہمارے روح میں ارتعاش پیدا کر دیتی ہے۔'' اس کی آواز ہماری خاموشیوں میں اس طرح سما جاتی ہے۔جس طرح کوئی مدہم سی روشنی اندھیرے میں اجالا کرنے کی کوشش میں لرزتی ہے۔لیکن جو لوگ مضطرب مزاج ہیں وہ کہتے ہیں کہ ہم نے حسن کو پر ہیبت پہاڑوں میں شور مچاتے سنا ہے۔

رات کو جاگنے والے بستی کے چوکیدار کہتے ہیں۔کہ حسن تو وہ ہے جو مشرق سے طلوع ہونے والے آفتاب کے ساتھ آتا ہے۔

محنت مزدوری کرنے والوں اور طویل راہوں کے مسافروں سے پوچھا

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

جائے تو وہ کہیں گے۔ ''ہم نے حسن کو غروبِ آفتاب کے وقت آسمان کے دریچوں سے زمین پر جھانکتے ہوئے دیکھا ہے۔'' سردیوں میں برف باری میں گھرے ہوئے لوگ کہتے ہیں کہ حسن تو موسم بہار کے ساتھ پہاڑیوں اور وادیوں میں رقص کرتا ہوا آئے گا۔ غرض مختلف لوگ حسن کا تصور مختلف انداز میں کرتے ہیں۔ اور حسن کوئی ضرورت یا آرزو نہیں ہے بلکہ ایک کیف وانبساط ہے۔ بلکہ وہ تو ایک شعلہ انداز دل اور مسحور وشیدا روح کا نام ہے۔

''حسن کی نہ تو کوئی شکل ہے جسے تم دیکھ سکو اور نہ ہی کوئی آواز ہے۔ جسے تم سن سکو۔ وہ تو ایک احساس ہے جسے صرف دل محسوس کر سکتا ہے اور ایک گیت ہے جسے صرف دل سن سکتا ہے۔ لیکن تم خود ہی زندگی کا ایک مظہر ہو اور تم ہی اس کا نقاب ہو۔ اپنی ذات کے اندر جھانکو تمہیں حسن مل جائے گا۔

حسن ازلی اور ابدی ہے۔ وہ آئینہ حیات میں اپنا عکس دکھاتا ہے۔

.....☆☆☆.....

تین ہمسفر.....اجمل جی آر (سیکنڈ ایئر سائنس)

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ تین دوست اکھٹے بس میں سفر کر رہے تھے کہ اچانک ان کے بچھڑنے کا وقت آ گیا۔ تو ان میں سے پہلے دوست علم نے کہا کہ مجھے تو عالموں اور درسگاہوں میں تلاش کرو۔ اور دوسرے دوست دولت نے کہا مجھے امراء اور بادشاہوں کے محلات میں تلاش کر سکو گے۔

اور جب عزت کی باری آئی تو وہ خاموش رہی۔

دولت اور علم نے خاموشی کی وجہ پوچھی۔

تو عزت نے ایک آہ بھرتے ہوئے کہا کہ جب میں ایک بار چلی جاتی ہوں تو واپس کبھی نظر نہیں آتی ہوں۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

ہمارا فرسودہ نظام تعلیم

شمیم نزیر جوسکی فرسٹ ایئر

اس وقت ہمارے ملک کو بڑے سنگین مسائل و بحرانوں کا سامنا ہے۔ حالت کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے یہ کہنا بے جانہ ہوگا کہ ملک کا مستقبل داؤ پر لگا ہوا ہے۔ ان مسائل میں ایک مسئلہ جو اخباروں کی زینت بنی ہوئی ہے۔ وہ تعلیم کا مسئلہ ہے۔

کوئی مانے یا نہ مانے لیکن تعلیم ایک انسان کے لئے اس طرح اہمیت رکھتی ہے۔ جس طرح زندہ رہنے کے لئے سانس۔ ہمارے مذہب اسلام نے تعلیم کے حصول کو مرد اور عورت پر فرض کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے پیغمبر پر پہلی وحی جو نازل کیا تو وہ ''اقراء'' یعنی پڑھ، تاریخ گواہ ہے کہ انسان ہزاراں سال پہلے حیوانی زندگی بسر کرتے تھے۔ وہ زندگی کے تمام آسائشوں سے بالکل بے خبر تھے ان کی بے خبری کی سب سے بڑی وجہ تعلیم جیسے نہ ختم ہونے والے زیور سے دوری تھی۔ مگر آج دنیا انقلابی ترقی کر چکی ہے۔ سائنس و ٹیکنالوجی کا دور دورہ ہے۔ ہر نئے دن انوکھے انوکھے ایجادات سرزمین پر رہ نما ہوئے ہیں۔ یقیناً اس بڑی ترقی و تبدیلی کا راز'' تعلیم'' ہے۔ ایک مشہور و معروف انگریز مصنف پروفیسر مارٹس ایس ڈوراک اپنی کتاب (Dowdy Education) میں لکھتے ہیں۔ کہ'' اس دنیا میں (Survive) کرنے کا بہترین سامان تعلیم ہے۔

اب میں پاکستان کے فرسودہ نظام تعلیم پر آپ کے علم میں اضافہ کروں گا اس موضوع کو خاصے مطالعے، غور و فکر اور تعمق کے بعد اس نتیجے پر جا پہنچا ہوں کہ ہمارے حکمرانوں کی نظر میں تعلیم کا سیکٹر کوئی معنی اور حیثیت نہیں رکھتا۔ حالانکہ تعلیم کسی

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

قوم کے لئے ریڈھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے لیکن پھر بھی اس شعبے کو کئی صدیوں سے نظر انداز کیا جاتا رہا ہے۔

دنیا میں کئی ممالک اپنی خواندگی کی شرح کو 100 فیصد ممکن بنانے کیلئے تن من دھن کی بازی لگا رہے ہیں بات پاکستان کی کریں تو آپ کو طلسمات میں ڈال دے گا۔ ہمارا ملک تو آبادی کے اعتبار سے چھٹے نمبر پر ہے۔ شرح خواندگی کے حوالے کوسوں پیچھے ہے۔ انڈیا کی شرح خواندگی 61 فیصد، سری لنکا کی 80 اور بنگلہ دیش جیسے غربت زدہ ملک کی شرح خواندگی پاکستان کی نسبت کافی آگے ہے۔ ہمارے ملک کی شرح خواندگی اکنامکس سروے (2007-08) کے مطابق 55 فیصد ہے۔ بدقسمتی سے ہمارے ملک کا لگام طویل عرصے تک فوجیوں کے ہاتھ میں رہا ہے۔ اسی لئے دفاع کے سیکٹر کو ہر وقت (Lion's Share) ملتا رہا ہے۔ نہ صرف فوجی بلکہ جمہوری دور میں بھی اسی غلطی کو بار بار دہرایا گیا۔ دوسری طرف تعلیم کے شعبے کو لمبے عرصے تک صرف 2 فیصد سے بھی کم ملتا رہا ہے۔ 9/11 کے ہولناک واقعے کے بعد امریکی امداد میں پاکستان کو (2002 سے 2006) تک 449 ملین ڈالر ملا۔ باوجود اس کے تعلیم کے شعبے میں خاطر خواہ بہتری دیکھنے کو نہیں ملی۔

ہمارے نظام میں ایک خرابی یہ ہے کہ نظام تعلیم دو دھڑوں میں ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت تقسیم کیا گیا ہے۔ ایک پرائیوٹ دوسرا پبلک سیکٹر۔ پرائیوٹ سیکٹر میں وہ لوگ تعلیم حاصل کرتے ہیں جنہیں ہم معاشرے کے (Dominant Class) کہتے ہیں۔ وہاں کے نصاب انگلش میڈیم میں ہیں۔ تربیت یافتہ اساتذہ اور اچھے معیار کا تعلیم فراہم کرتے ہیں۔ دوسرا نظام تعلیم معاشرے کے درمیانے اور نچلے طبقے کے لوگوں کے لئے ہے۔ وہاں کا نظام تعلیم اور معیار اطمینان بخش نہیں ہے۔ ہمارے کئی تعلیمی ادارے بنیادی سہولتیں سے محروم ہیں۔ سہولتوں کی عدم دستیابی کے

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

سبب طالب علم ہر روز مشکلات کا سامنا کرتے ہیں۔ ملک کے ہزاروں تعلیم یافتہ نوجوان سرکاری اسکولوں میں پڑھ کر نوکری کی تلاش میں مارے مارے پھر رہے ہیں۔

اس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ اس وقت ہمارے ملک میں مفلسی اور مہنگائی کا راج چل رہا ہے اور ہماری 80 فیصد سے بھی زیادہ آبادی غربت کی لکیر سے نیچے زندگی بسر کر رہی ہے اور تعلیم کا حصول مہنگا ہونے کے باعث اب غریبوں کے لئے تعلیم حاصل کرنا ایک بہت بڑا چیلنج بن گیا ہے۔

ہمارے ملک میں یہ رواج چلا آ رہا ہے کہ ہر نئی حکومت اقتدار میں آتے ہی تعلیم کے سیکٹر کو اپنی اوّلین ترجیحات میں شامل کر لیتی ہے۔ بلند و بانگ دعوے اور اپنی تسلی کے لئے پالیساں بھی مرتب کرتی ہے۔ اس کے بہ خلاف تمام تر دعوے صرف اور صرف دعوے رہ جاتے ہیں۔ اور پالیسیاں صرف کاغذوں تک ہی محدود ہوتے ہیں۔ مگر ان پر عمل درآمد نہیں ہوتا اس حکومت نے بھی تعلیم کے متعلق کئی خوبصورت دعوے کیئے ہیں۔ دیکھتے ہیں کہ ان پر عمل درآمد ہوتا ہے۔ یا صرف کاغذوں پر ہوتے ہیں۔ لیکن میرا ایک طالب علم ہونے کے ناطے یہ ماننا ہے کہ تعلیم کے شعبے میں انقلابی بہتری لانے میں اس وقت کامیابی نہیں ہوگی جب تک، منصوبے اور پالیسیاں تبدیل نہیں ہوں گے۔ جب تک ان پیسوں کا اچھے اور مناسب طریقے سے استعمال نہ ہو۔ میرٹ پر بھرتیاں نہ ہوں۔ جانچ پڑتال کا اچھا نظام نہ ہو، جب تک پولیٹکل ویل نہ ہو، جب تک کام سنجیدگی اور مخلصانہ طریقے سے نہ ہوں تو حقیقی معنوں میں کبھی بھی کامیابی سے ہمکنار نہیں ہو سکیں گے۔

.....☆☆☆.....

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

سوچنے کی بات

کلیم کامران (بی۔اے فائنل ایئر)

فراز ایک اوسط درجے کے خاندان میں پیدا ہوا۔ وہ بچپن ہی سے شریر اور ضدی تھا۔ دادی ماں کے لاڈ پیار نے اسے مزید خودسر بنا دیا۔ اس کا والد روزگار کے سلسلے میں خلیجی ممالک میں گیا ہوا تھا۔ کہتے ہیں کہ ماں کے بیٹے پر کوئی رعب نہیں ہوتی۔ اسلئے اولاد پر اگر باپ کا رعب نہ ہو تو وہ مزید بگڑ جاتا ہے۔ کبھی کسی بچے کو مارنا تو کبھی کسی کا گیند چرانا، ہمسائے کی مرغی پکڑ کر ذبح کرنا، کسی کا کوئی چیز چرا کر خراب کرنا۔ اس کا پسندیدہ مشغلہ تھا۔ جب کوئی ان کی شرارتوں سے تنگ آ کر اسے ڈانٹتا تو پھر تو اس کی دادی ماں کی کڑوی باتیں سننا پڑتیں۔ سکول کے زمانے میں ٹیچران سے جان چھڑاتے تھے۔ کوئی کہتا، فراز نے میرا رجسٹر پھاڑ دیا ہے۔ سر! دیوار پر شعر فراز نے لکھا ہے۔ کوئی کہتا فراز نے میرا قلم چرایا ہے۔ وغیرہ وغیرہ استاد غصے میں آ کر اس کی خوب پٹائی کر دیتے تو پھر کیا ہوتا تھا آپ خود اندازہ لگالیں۔ اس طرح دادی کے لاڈ پیار، فراز کیلئے محبت نہیں دشمنی بنتا گیا اور فراز بگڑتا گیا۔

جب پانی سر پر چڑھ گیا تو وہ چرس، بھنگ اور شراب جیسے مہلک نشے کا عادی ہوتا چلا گیا۔ جب اس کا والد چھٹی لے کر گھر آ جاتا اپنے بیٹے کا رویہ دیکھ کر بیچارہ سر پکڑ کر بیٹھ جاتا اس کا بلڈ پریشر ہائی ہو جاتا۔ باپ نصیحت کرنے کیلئے لب ہلاتا تو الٹا ''چپ'' کا الٹی میٹم مل جاتا۔ کیا ایسی دادیاں نہیں جانتیں کہ اس بارے میں دربار الٰہی میں جواب دینا ہوگا؟ کیا پتہ کتنے اولاد اپنے والدین اور خاندان کے دوسرے افراد

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

کی لاڈ پیار سے بگڑ کر اپنے بہتر مستقبل سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔ والدین غموں کے دریا میں غوطے مار مار کر غرق ہو جاتے ہیں۔ بھائی بہن ایسے بگڑے ہوئے بھائیوں کی رفاقت اور محبت سے محروم حسرت و محرومی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ خاندان کی کئی معصوم لڑکیاں اپنے گھر بسانے کی فکر میں ایسے ہی فرازوں کے ٹھیک ہونے کے انتظار میں بوڑھی ہو جاتی ہیں۔ ایسا کیوں ہو جاتا ہے۔ والدین کو چاہیے کہ بے جا لاڈ و پیار جو اولاد کے بگڑنے کا سبب ہوتا ہے اس سے گریز کریں۔

.....☆☆☆.....

شمع چپ ہے بھی تو کیا، دل کا اجالا بولے
وہ سنے یا نہ سنے رات کا سکتہ بولے
کوہساروں کی عطاؔ رسم نہیں خاموشی
رات سو جائے تو بہتا ہوا چشمہ بولے

عطا دشاد

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

بوڑھے کی صدا

سلمان شاہ (بی۔اے)

وہ ایک احساس جو آنکھوں کے سامنے آکر آہستہ آہستہ گزر جاتا ہے اور انسان اس کی تہہ میں کھو کر سمٹ جاتا ہے اور اس کے ہاتھ پاؤں کمزور ہونے لگتے ہیں۔ اس کے چہرے کا نور اور دل کا غرور ختم ہو کے رہ جاتا ہے اور اسکی آنکھوں کے سامنے ایک دھندلکی سی دنیا نظر آنے لگتی ہے۔ اور انسان اپنا ہوش وحواس کھو بیٹھتا ہے اور طرح طرح کی باتوں سے اپنا دل بہلانے کی کوشش کرتا ہے اور بیتے ہوئے دنوں کے کارناموں کو یاد کر کے روتا ہے اور دل میں سوچتا ہے کہ اے کاش! مجھے اس وقت بھی احساس اور پتہ ہوتا کہ میں اس طرح، اس حال میں آکر پہنچ جاؤنگا کہ کوئی بھی مجھے پیار کرنے سے دلاسہ دینے سے انکار کریگا اور پرائے تو پرائے اپنوں کی پیار کیلئے بھی ترستا رہوں گا۔ تو شاید میں کبھی برا کام نہ کرتا اور کسی کو غلط بات نہ کہتا، دھوکہ نہ دیتا، کسی کا مال یا جائیداد نہ ہتھیاتا، کسی کی ماں بہن کو غلط نگاہ سے نہ دیکھتا۔ مگر اب، اب تو بہت ہی دیر ہو چکی، اب تو ان ٹانگوں اور اس جسم میں اتنی بھی سکت نہیں کہ اپنے آپکو دلاسہ دے سکوں اور اپنا بوجھ برداشت کر سکوں۔ یہ دوسروں کی کیسے مدد کر سکتے ہیں۔ یہ کسی اور بوجھ کیسے اٹھا سکتے ہیں؟ یہ تو اب کچھ کرنے کے قابل نہیں، وہ دن تو گئے جب انہیں ہر کام کی قوت وطاقت تھی، لیکن افسوس اور سد افسوس کہ اب پچھتانے کے سوا اور ہے ہی کیا؟ جس کو میں اپنا سکوں اور اپنے دل کا بوجھ ہلکا کر سکوں۔

لیکن ایک چیز اور مرنے سے پہلے صرف اور صرف ایک آخری کام جو شاید میرے لئے نیکی ہو یعنی میں اپنی اس آخری وقت کو عبرت کے طور پر پیش کر کے یہ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

نصیحت کرسکتا ہوں کیونکہ جب اپنی جوانی یاد آتی ہے تو دوسروں کی زندگیوں پر ترس آتا ہے کہ وہ بھی وہی کر رہے جو میں کرتا۔ لیکن اب دیکھو میرے پاس کیا بچا، میرے پاس ہے ہی کیا، کچھ بھی نہیں، سب خاک ہو گئے اب جو بچا تو صرف ایک بوڑھا جسم اور کمزور آنکھوں کے سوا کچھ نہیں، لڑکھڑاتے قدموں کے سوا کچھ نہیں۔

لیکن اب بس، اب میں یہ نہیں ہونے دونگا ان نوجوانوں کو جو اپنا رنگ، نسل اور اپنا فرض بھول گئے ہیں۔ اب میں چیخ چیخ کر اور چلا چلا کر کہوں گا کہ اب بس اور اب مزید ایسا نہیں کروں کہ کل جب نرم بستر پر پڑ کر بھی وہ بستر آپ کو گرم اور تپتا ہوا لوہا نظر آتا ہے اور کوئی بھی آپ کے پاس آنے سے خوف محسوس کرتا ہو شاید اس کو بھی ویسا ہی کرنے مجبور کریں جو آپ نے دوسروں کو کیا تھا اور مال و اسباب سب چھین کر ان کو مفلوج کیا۔

اب ایسا بھی نہ کرو کہ کل جب آپ بھوکے پیٹ اور کمزور و مفلوج جسم کے ساتھ بیتے دنوں کو یاد کر کے درست طرح سے رو بھی نہ سکیں اور اسی طرح رونے کو آپ سے ڈر لگے کہ آپ اس کو بھی وقتی طور یاد کر کے اپنا درد کم کریں اور پھر اس کو ٹھوکر مار کر ایک کونے میں پھینک دیں جو آپ نے دوسروں کی پیٹھ پر مارا تھا۔

.....☆☆☆.....

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

شاعری

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

عطا شاد

غزل

جنم جنم کی پیاس بجھائے ، ایک سلگتی آس، دلِ سیلاب طلب بولان ہو جیسے
برق گرے، یا شعلے برسیں، پھر بھی رہے شاداب یہ تشنہ کشتِ طرب بولان ہو جیسے

☆☆☆

خنجر خون چکیدہ ہو، یا لالہ لب کی قاش، شہید رنگ کو ہیں یہ ایک سی بات
عشق کی پھیلی ہوئی سرحد تک، حسن ہے ایک جہان اور غم بس ایک ہے سب بولان ہو جیسے

☆☆☆

زلزلہ درد اماں ہے لیکن خاک بسر ہے ، چاک گریباں، زخم غم احساس سے چور
صدیوں کا محرم ہزاروں عمروں کا ناکام وہ اک انسان کہ اب بولان ہو جیسے

☆☆☆

تشنگیء دل کیسے بیان ہو، ارمانوں کا ذکر، تو جیسے صحرا اور شبنم کی بات
زیست کے حسرت زار میں تنہا، پیار میں تنہا، میری وفا بھی ایک عجب بولان ہو جیسے

☆☆☆

بچھڑے ہوئے ساتھی نہ ملے پھر، آتے جاتے موسم بھی ناکام رہے، پر جانے کیوں؟
دل کا راہ گزر ہے سُونا، آس تھکی ہے ، وہ عالم ہے جان بلب، بولان ہو جیسے

☆☆☆

ایک وفا ہے ایک محبت ، ایک تمنا، ایک طلب ہے پھر بھی میں اس سوچ میں ہوں
تیرے وصل کا باعث تھا بھنبھور ترا، اور میرے لئے الفت کا سبب بولان ہو جیسے

☆☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
CamScanner

تم کہوتو.....!

باقر علی شاکر اسسٹنٹ پروفیسر، اردو

تم کہو تو ، باغِ ہستی میں مٹا دوں
تم کہو تو، آگ گلشن میں لگا دوں
تم کہو تو ،چاند تارے توڑ لاؤں
تم کہو تو ، زلفِ جاناں میں لگادوں
تم کہو تو، زندگی میں سب خوشی دوں
تم کہو تو، سارے غم ہی میں مٹا دوں
تم کہو تو،نفرتوں کے بیج بودوں
تم کہوتو، دشمنی کے دھول ہٹا دوں
تم کہوتو، تاج کی طرح اک محل بھی
کیچ ہی میں، تم کہو تو، میں بنا دوں
تم کہو تو باندھ لوں رختِ سفر میں
تم کہو تو، دور اپنا گھر بسا دوں
تم کہو تو، کہہ دوں سارے رازِ الفت
تم کہو تو، رازِ الفت میں چھپا دوں
